گندم کے نرخ بڑھ جانے سے دہلی کے غریبوں پر یقیناً بہت بڑا بوجھ پڑا ہے۔ غریبوں کا یہ حق بھی تسلیم ہے کہ وہ اس کے خلاف فریاد کریں۔ اور سرکار سے مطالبہ کریں کہ نرخوں میں اضافہ واپس لے لیا جائے۔ لیکن اس سلسلہ میں ایک بات سمجھ میں نہیں آئی کہ اس معاملہ میں دہلی گورنمنٹ کا کیا دوش ہے اور دہلی سٹیٹ اسمبلی کے سامنے مظاہرہ کرنے کے معنی کیا ہیں؟ "ترقی پسند" لیڈروں کو اس بات کا علم ہے کہ دہلی سرکار کو کرمچاریوں کا راشن میں کوئی کمیشن نہیں ہے۔ اس کے باوجود وہ ان کے خلاف مظاہرہ کرتے ہیں۔ معلوم نہیں اس لئے کہ پارلیمنٹ والے مظاہرہ کرنے نہیں دیتے۔ وہاں دفعہ ۱۴۴ لگی ہوئی ہے۔ اس لئے جہاں مظاہرہ کرنے کی گنجائش ہوتی کر لیا۔ یا اس لئے کہ دہلی کے چیف منسٹر خود اسمبلی [illegible]

میرا اس معاملے میں کوئی اختیار نہیں [illegible] ختم ہو جائے۔ لیکن وہ یہ کیوں کہیں کہ [illegible] اختیار نہیں ہے۔ وزیروں کا کام [illegible] وہ ہر درخواست کے جواب میں اعلان [illegible] اس درخواست پر غور کیا جائے گا۔ [illegible] کا اعلان شان کے خلاف ہے اور [illegible] آداب کے بھی۔

دو عملی کے زمانہ میں وزیر درخواستیں [illegible] حاصل تھے۔ کچھ "غیر منتقلہ" محکمے [illegible] کی دسترس سے باہر تھے۔ ایک دو وزیر [illegible] صاحب وہ لے پر گئے تو کاشتکاری [illegible] کی کہ ہم تو مالیہ [illegible] جاتا ہے۔ جہاں جنس کا ایک [illegible] ہوتا ہے اور زمینوں کا بھی [illegible]

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"Vir ~~Arjun~~ Bharat" D/8.5.52

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

دنیا کی کوئی طاقت بھارت اور کشمیر کے تعلقات کو ختم نہیں کر سکتی۔ شیخ عبداللہ کا اعلان

سواگتی پارٹی میں تقریر

کشمیر گاندھی جی کے آدرش کو اپنا چکا ہے

پارلیمنٹ کے کشمیری ممبر سیکولرازم کا پرچار کریں۔

سری نگر ۶ مئی۔ شیخ عبداللہ نے یہاں ایک بیان میں کہا کہ کشمیر اور ہندوستان کو اکٹھا رکھنے والا سیکولرازم کا آدرش ہے جس کے لئے گاندھی جی نے اپنے جیون کی قربانی کی۔ ایسی حالت میں تختہ زمین پر کوئی ایسی طاقت نہیں ہے جو ان تعلقات کو توڑ کر پھینک دے جو ہندوستان اور کشمیر کو متحد کئے ہوئے ہیں۔ چنانچہ کشمیر اور بھارت کے تعلقات پر شک کرتے ہوئے ذرا سی بھی غلط فہمی کی گنجائش نہیں ہے۔ آپ کشمیر سے بھارت پارلیمنٹ میں جانے والے نمائندوں کے اعزاز میں دلی میں سواگتی پارٹی میں تقریر کر رہے تھے۔ آپ نے کہا کہ یہ نمائندے ایک بڑے مشن پر جا رہے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ کشمیر کے لوگ جس آدرش کی نمائندگی کرتے ہیں وہ اسے آگے پہنچائیں۔ تبلیغی جذبہ سے اس کی اشاعت کریں اور اپنے راستہ میں آنے والی تمام مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنے کو تیار رہیں۔ شیخ عبداللہ نے ممبروں پر زور دیا کہ وہ دنیا کے سامنے سیکولرازم کا آدرش پیش کریں۔

اجلاس سے اٹھ کر چلے گئے۔ (پ ٹ ا)

کشمیر اسمبلی میں یوراج کے ایڈریس پر شکریہ کی تحریک پاس ہو گئی

یوراج نے اپنی تقریر میں مسئلہ کشمیر کا ذکر نہیں کیا۔ کئی ممبروں کی تقریریں

سری نگر۔ کشمیر لیجسلیٹو اسمبلی میں آج یوراج کے ایڈریس پر شکریہ کی تحریک اتفاق رائے سے منظور ہو گئی۔ کچھ ممبروں نے بحث کے دوران اپنی تقریروں میں کہا کہ یوراج نے مسئلہ کشمیر کے متعلق کوئی ذکر نہیں کیا۔ ڈیموکریٹک تحریک کے لیڈر مسٹر غلام رسول نے کہا کہ آج سے پانچ سال پہلے پاکستان کا کشمیر پر حملہ فرقہ وارانہ اور امپیریلسٹ طاقتوں کی سازش کا نتیجہ تھا۔ پاکستان کو خطرہ تھا کہ اگر کشمیر ہند میں شامل ہو گیا تو اس سے فرقہ داری کی شکست ہو گی۔ سردار کلدیپ سنگھ نے بھی اپنی تقریر میں اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ یوراج نے مسئلہ کشمیر کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ پنڈت شام لال صراف وزیر تعمیر نے کہا کہ کشمیر شیخ عبداللہ کی لیڈرشپ میں جمہوری اصولوں پر قائم رہے گا خواہ اس کے راستہ میں کتنی ہی مشکلات کیوں نہ پیش آئیں۔ صرف یہی ایک نظریہ تھا جس نے کشمیر کو آج سے چار سال قبل ہند سے رشتہ جوڑنے پر مجبور کر دیا تھا۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"Parbhat" d/9-5-52

بھوپال کے ویران جنگلوں میں رہائش پذیر کشمیری شرنارتھیوں کے بچے پیاس سے تڑپ تڑپ کر دم توڑ رہے ہیں

۲۰ ہزار کشمیری شرنارتھیوں کو جلد از جلد آباد کیا جائے!

انسانیت کے نام پر حکومت سے کشمیری لیڈر سردار سنت سنگھ تیغ کی اپیل۔

جالندھر ۷ مئی۔ آج ایک پریس کانفرنس کے دوران میں کشمیری لیڈر سردار سنت سنگھ تیغ نے انسانیت کے نام پر ہند سرکار سے اپیل کی کہ وہ مختلف کیمپوں میں رہائش پذیر جموں و کشمیر کے شرنارتھیوں کو جلد از جلد آباد کرے تاکہ ان ہزاروں شرنارتھیوں کی جو اس وقت مختلف کیمپوں میں تڑپ تڑپ کر مر رہے ہیں زندگیاں بچائی جا سکیں۔ سردار سنت سنگھ تیغ نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ ۱۹۴۷ء میں کشمیر پر قبائلیوں نے جو حملہ کیا اس سے مظفر آباد ضلع کے ہندو اور سکھوں کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا۔ اس حملہ کا مقابلہ کرتے ہوئے لگ بھگ ۱۵ ہزار سے زائد ہندو سکھ شہید ہوئے۔ اس کے بعد پونچھ، رنبیر سنگھ پورہ اور میرپور کے ہندو سکھ تباہ و برباد ہو گئے۔ اور اس طرح لگ بھگ ایک لاکھ ہندو سکھ شرنارتھی ہو گئے۔ ان میں سے ۲۳ ہزار شرنارتھی نگروٹہ کیمپ میں ۱۵ ہزار کشمیر دہلی میں اور ۱۳ ہزار چنار قلعہ ڈسٹرکٹ مرزا پور اتر پردیش میں مختلف کیمپوں میں چلے گئے۔ تیغ صاحب نے کہا کہ ہندو سکھ کشمیری شرنارتھیوں کی تباہ کاری کے عالم میں ہند سرکار نے جو امداد کی ہے اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہمارا مطالبہ صرف یہ ہے کہ ان تمام کشمیری شرنارتھیوں کو جلد آباد کیا جائے۔ آپ نے مطالبہ کیا کہ جموں و کشمیر سٹیٹ میں ہزاروں ایکڑ اراضی خالی پڑی ہوئی ہے وہ ان شرنارتھیوں کو الاٹ

کشمیر کے متعلق وائٹ پیپر شائع ہوگا

نئی دہلی ۷ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ہند سرکار پارلیمنٹ کے اجلاس کے دوران کشمیر کے متعلق ایک وائٹ پیپر شائع کرے گی۔ سیاسی حلقوں میں اس کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"Tej" Dated 9.5.52

پرجا پریشد سے کوئی تعلق نہیں

میں پشتینی طور پر پبنت ہوں، گرادھ تحصیل [illegible]
میں رہتا ہوں اور یہاں پکار دیا کرتا ہوں۔
عمر ۵۰ سال کی ہے۔ پالیٹکس سے میرا کوئی تعلق
نہیں مگر مجھے پرجا پریشد کی [illegible] کیا
جاتا ہے۔ کبھی [illegible] گرفتار کرنے کی کوشش
کی گئی۔ [illegible] افسروں کی رشوت
خوری کے خلاف آواز بلند کرتا ہوں۔ میں نے
ابھی ۲۰-۵-۲ شکایتیں [illegible] افسروں کو
خطوں کے ذریعے بھیجیں۔ مگر کوئی توجہ نہیں دی گئی
بلکہ اس کے نتیجہ میں مجھے تنگ کیا جا رہا ہے۔
کیا یہ انصاف اور جمہوریت ہے

دینا ناتھ پبنت گرادھ تحصیل ادھم پور [illegible]

شوگر مل اور کسان

"Milap" 9 May 52

کشمیر کے سیاسیات

مائی ڈیئر رہنبیر جی۔

"ملاپ" کے تازہ پرچہ میں شائع شدہ شری بی این کاشمیری کا مضمون "ٹیبر ملی پارٹی کی کشمیر کی سیاسیات سے دلچسپی" نظر سے گزرا۔ اور حیرانی ہوئی کہ ایک کشمیری ہوتے ہوئے بھی فاضل مضمون نگار نے کشمیر کے متعلق غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ ایک کشمیری کی حیثیت سے اور کشمیر کی سیاسیات کی کچھ واقفیت رکھتے ہوئے ان سے یہ توقع تھی کہ وہ کشمیر کے بارے میں سوچ سمجھ کر لکھیں گے۔ لیکن جیسا کہ ظاہر ہے۔ وہ ایسا کرنا ضروری نہیں سمجھتے۔ جہاں تک ان کے ذاتی خیالات کے اظہار کا تعلق ہے اس پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ لیکن انہوں نے بعض جگہ پر غلط بیانی سے کام لیا ہے جس کا نوٹس لینا ضروری ہے۔ شاید وہ لکھتے ہیں۔ کہ یہاں کے ایک اسٹیٹسمین اخبار کے ایڈیٹر مسٹر آیان سٹیفنز (MR. IAN STEPHENS) اس وقت بھی پاکستان جاتے ہیں۔ اور کبھی کبھی کشمیر۔ وہاں کے لیڈروں سے ملتے ہیں۔ اور پھر اپنے اخبار میں [illegible] مسئلہ کشمیر کے نیا فتنہ پیدا کرنے میں مصروف ہیں۔" مسٹر سٹیفنز جو کہ سٹیٹسمین کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں (واضح رہے کہ اب وہ ایڈیٹر نہیں ہیں) کی پالیسی کیا تھی۔ یا کیا ہے ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں۔ لیکن چونکہ وہ حال ہی میں کشمیر آئے تھے۔ اور آپ کے مضمون نگار صاحب نے ان کے یہاں آنے میں کوئی خاص مطلب نکالنے کی کوشش کی ہے۔ یہ اصل واقعہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں۔ مسٹر سٹیفنز پاکستان سے کشمیر حکومت ہند کی اجازت سے آئے۔ اور یہاں آکر انہوں نے ایک اخبار نویس کی حیثیت سے شیخ عبداللہ سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی جو پوری کی گئی۔ اس میں بالکل کسی قسم کی اہمیت نہ تھی۔ کشمیر میں بیرونی اخبار نویس آتے رہتے ہیں۔ اور شیخ صاحب سے اور دیگر رہنماؤں سے ملتے رہتے ہیں۔ اور ان کے خیالات سنتے رہتے ہیں اور چھپ جاتے ہیں۔ اب اگر کوئی اس ملاقات میں سے کوئی خاص مطلب اخذ کرنا چاہے تو اس کے بغیر کیا کہا جا سکتا ہے کہ لکھنے والا دیانتداری سے کام نہیں لینا چاہتا۔

کشمیری صاحب نے اپنے مضمون میں ناظرین کی توجہ اس طرف بھی دلائی ہے۔ کہ آج سے دو ماہ قبل لندن میں کشمیر کے لیڈروں نے پاکستانی ہائی کمشنر اور برطانوی کنزرویٹو پارٹی کے لیڈروں سے ملاقاتیں کی۔ اور اس کے بعد کشمیر کے ترقی پسندانہ سیاسیات میں رد عمل ہوا۔ یہ سراسر لغو اور غلط ہے۔ کشمیر کا کوئی لیڈر لندن نہیں گیا۔ ہاں شیخ صاحب جب اتحادی سبھا کے اجلاس میں شرکت کیلئے پیرس تشریف لے گئے تھے۔ تو واپسی پر وہ ایک دن لندن میں رہے لیکن انہوں نے نہ تو پاکستانی ہائی کمشنر سے ہی کوئی ملاقات کی۔ اور نہ ہی کسی کنزرویٹو لیڈر سے۔ مجھے افسوس ہے کہ کشمیری صاحب نے اپنے نظریہ کو درست ثابت کرنے کی غرض سے اس حد تک غلط بیانی سے کام لینا مناسب سمجھا۔ اس سے اور کیا نتیجہ نکل سکتا ہے۔ سوائے اس کے کہ ملاپ کے ناظرین کے دلوں میں خواہ مخواہ [illegible]

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

The ~~Times of India~~ D/9-5-52.
"Tribune".

"We Are With India" Declare Kashmir M. P.s

(*From Our Own Correspondent*)

PATHANKOT, May 8.—Maulana Mohd. Said Masoodi, Major Laxman Singh Charay, Khawaja Ghulam Qadir, Chaudhry Mohammed Shaffi, Soofi Mohammed Akbar, members of the Indian Parliament and Sardar Budh Singh, Colonel Pir Mohammed, Pandit Anant Ram, members of the Council of State, on their way to Delhi for attending the session of the Parliament, in an interview with the "Tribune" correspondent, said: "We are with India for ever and these relations will never break. All conditions are normal and there is nothing to worry about".

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"The Times of India" D/ 9-5-52

Plea For Sympathy

To The Editor, Times of India

Sir,—While I appreciate the sober way in which your editorials have criticised the recent statements of Sheikh Abdullah, the Prime Minister of Kashmir, I find it difficult to agree with "Darem's" latest note entitled "Save the Sheikh Sahib from Himself."

It is not wrong to say that the Sheikh Sahib has behaved undiplomatically; whatever political conditions in the State may be, he ought to have been more careful in his choice of words. He should have realised that though his speeches were meant for local consumption, they would receive publicity in the Indian press also. I agree with you that the Sheikh Sahib should have confined his attack only to that section of the Indian press which has crossed his path, instead of condemning the entire Indian press.

Be that as it may, I and other friends of the new and democratic Kashmir desire that the Indian press, particularly papers like The *Times of India* which have always been friendly to the Sheikh Sahib, should be more sympathetic towards him. He has yet to secure the support of some sections of the Kashmiri people for the last battle which he has to fight against people who are friendly neither to India nor to Kashmir.

SHRIKANT VYAS.

Allahabad, May 1.

Trenchant Criticism Of Kashmir Budget

DEBATE IN STATE ASSEMBLY

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, May 8.

AMIDST the plethora of praise showered on the Kashmir Government by several members of the State Legislative Assembly during the debate on the Budget, which commenced today, Mr. Krishendev Sethi's (Rajouri) trenchant indictment of the last four years' rule stood out.

Mr. Sethi said the administration was top-heavy and the Budget unplanned. Criticising "the expansion of the police force out of all proportions," he described the estimate of Rs. 29 lakhs as against Rs. 18 lakhs under the previous regime as unbecoming for a self-confessed people's Government.

Mr. Sethi also complained that due attention was not being paid to basic and primary education while higher education was receiving bigger allocations of revenue. Referring to public health, he said that out of Rs. 23 lakhs set apart, hardly one lakh of rupees was being spent on medicines for rural dispensaries where water was mostly doled out as medicine. Mr. Sethi added that despite the talk of electrification and water supply schemes, Jammu was suffering from an acute shortage of both. He also complained that rural credit was lacking and there was no provision in the Budget under the head.

Attacking the huge expenditure on the Information Department, Mr. Sethi said its working was highly inefficient as was proved by the issue of the authorised version of Sheikh Abdullah's Ranbirsinghpura speech three days after it was delivered.

Members from Kargil, in Ladakh, Rajouri and Karnah complained that no attention was being paid to the welfare and development of the border areas where the conditions were peculiar.

Mr. Assadullah Mir said Kashmir should not accept any foreign aid with political strings, for, if they wanted, millions of pounds would have flowed in.

The House then adjourned till Monday.

Today's proceedings revealed the standard of debate to be of a low order. Perhaps not being conversant with the Parliamentary procedure, most of the members who spoke today behaved as if they were delivering public speeches and not taking part in an Assembly debate.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Hindustan Standard 9-5-52

ADMINISTRATION "TOP HEAVY"

Kashmir Budget Debate

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, MAY. 8.—Various policies of the Kashmir Government came under fire today when the Legislative Assembly took up for discussion the State's Budget for 1952-'53.

Sri Krishandev Sethi, in the course of a 45-minute speech criticising the Budget, said that the administration was "top heavy". The Budget had made no provision for improving the lot of the lower and the middle classes and to bring the standard of living of the depressed classes in line with the rest of the State's people. "Then alone will there be a triumph of secularism in Kashmir," he added.

Ghulam Rasool Rensoo, another member, said: "Nothing tangible has been done to relieve the peasant and the artisan of his ignorance and poverty. No work is provided to peasants during the six months of winter in which land remains fallow.

"Although a number of emporiums have been opened throughout the State to give a fillip to the State's cottage industry, artisans and craftsmen have not been organised on co-operative lines and in accordance with the new Kashmir.

"BUDGET NOT PLANNED"

Sri Sethi, praising the Government for having implemented their irrigation, education, transport and other schemes said that the Budget was not a planned one. "A lot of expenditure, as indicated by top heavy administration and large expenditure on the Police Department, does not speak well of the administration. The middle class has greatly suffered during the last five years. Top officials are receiving handsome salaries." He asked the Government to increase the salaries of the lower and the middle class officials. Criticising the State's rehabilitation policy, he stated: "A very small amount of Rs. 4 lakhs had been provided in the Budget for the rehabilitation of over 12,000 Poonch refugees." Credit was not available to peasants in villages and no provision had been made for that in the Budget.

While there was much talk of electrification and water supply schemes in Jammu, people were not being provided with sufficient electric power or drinking water. People in Kandi areas had to seek stagnant water after travelling many miles. That water was responsible for epidemics and diseases.

Unless something was done to provide the people with these facilities it would amount to "sheer injustice" on the part of the Government.

Abdul Khaliq Mohammed Maqbool and Assad Ullah Mir praised the efforts of the Government in having succeeded in maintaining the financial structure of the State despite adverse conditions and having done much to better the lot of the common man.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Milap D/20.5.52

کشمیر اسمبلی میں بجٹ پر بحث شروع۔ سرکاری پالیسی پر کڑی نکتہ چینی

سرینگر ۸ مئی۔ آج کشمیر آئین ساز اسمبلی کی بجٹ پر بحث کے دوران حکومت کی پالیسیوں پر شدید نکتہ چینی کی گئی۔ سری کشن دیو سیٹھی نے کہا کہ نظم و نسق کے اخراجات بہت زیادہ ہیں اور جو بجٹ ہے وہ اچھے ڈھنگ سے تیار نہیں کیا گیا۔ آپ نے کہا کہ گذشتہ چار سال کے دوران حکومت کی طرف سے تعلیم، ٹرانسپورٹ اور زراعت کو فروغ دینے کے لئے کئی پلان مرتب کئے گئے ہیں مگر بنیادی ابتدائی تعلیم کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ پبلک ہیلتھ کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ بعض سرکاری دواخانوں میں میں نے خود دیکھا کہ مریضوں کو دوائی کی جگہ پانی دیا گیا۔

کشمیر کے شرنارتھی

کشمیر کے متعلق ہم بہت بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں۔ اتحادی سبھا کے مباحثے، سکیورٹی کونسل کے سوال و جواب، بڑی بڑی کانفرنسیں اور لمبی لمبی تقریریں — لیکن کیا کبھی کسی نے یہ بھی سوچا ہے کہ کشمیر کے ان شرنارتھیوں کا کیا حال ہے، جو کشمیر اور بھارت کے اندر اپنے جیون کو ایک بہت بڑا سوالیہ نشان بنائے بیٹھے ہیں؟ کچھ دیر پہلے تک جموں کے نزدیک نگروٹہ کیمپ میں ۹ ہزار شرنارتھی تھے۔ اور کانگڑہ کے یول کیمپ میں ۳۲ ہزار شرنارتھی۔ نگروٹہ کا کیمپ توڑ دیا گیا۔ یول کیمپ کو ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان دو کیمپوں کے علاوہ خود کشمیر میں اور بھارت میں کشمیر کے کتنے شرنارتھی ہیں۔ ان کی کوئی ٹھیک گنتی کسی کو معلوم نہیں۔ جالندھر، امرتسر، دہلی، ڈیرہ دون اور کانپور میں جو سب کے سب کشمیری بھائی رہتے ہیں ان کی گنتی اگر کی جائے تو میرے خیال میں یہ تعداد ایک لاکھ سے بہت زیادہ ہوگی۔ ان میں سے اکثر لوگ ابھی تک بے روزگار ہیں۔ کتنے ہی ایسے بھی ہیں جنہیں ابھی تک کوئی مکان نہیں ملا۔ اور جو اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے پاس پڑے ہیں۔ ان لوگوں کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ یہ اپنے مستقبل کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتے۔ انہیں معلوم نہیں کہ کل، ایک مہینے کے بعد، یا ایک برس کے بعد انہیں کہاں رہنا ہے اور کیا کرنا ہے۔ کبھی انہیں آشا ہوتی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں واپس جائیں گے۔ اپنی زمینوں اور اپنے مکانوں کو پھر سے حاصل کریں گے۔ پھر سے پہلے کی طرح اپنے کاروبار کریں گے۔ کبھی یہ سب کی سب امید سمندر کی لہر کی طرح نراشا کے اتھاہ پانی میں ڈوب جاتی ہے۔ کشمیر کا مستقبل خود کشمیر سرکار کو اور بھارت سرکار کو بھی معلوم نہیں۔ تو ان غریبوں کو کیا معلوم ہوگا۔ آشا اور نراشا کے اس اتار چڑھاؤ میں ان کی زندگی ایک عجیب تذبذب بن کے رہ گئی ہے۔ اس سے بھی زیادہ دکھ کی بات یہ ہے کہ ان کے نقصانات کا کوئی ان سے حال بھی نہیں پوچھتا۔ پاکستان سے جو لوگ برباد ہو کر آئے ان کی زمینیں اور جائیدادوں کی تفصیل معلوم کی جاتی ہے۔ کلیم لئے جاتے ہیں ان کی تصدیق ہوتی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کلیموں کا کچھ معاوضہ ملے گا۔ لیکن ان ابھاگے لوگوں کے لئے ایسی بھی کوئی بات نہیں۔ آخر ان کی بھی جائیدادیں تھیں، زمینیں تھیں۔ کھیت تھے، مکان تھے۔ پاکستان سے برباد ہو کر آنے والے لوگ اپنی منقولہ جائیداد کا حقیر سا حصہ اپنے ساتھ بھی لا سکے لیکن یہ اس حقیر حصے کو ساتھ لانے میں بھی کامیاب نہیں ہوئے۔ یہ ہندوستان میں آئے تو بالکل اس مسافر کی طرح جو اپنا سب کچھ لٹوا کر ایسے شہر میں آ گیا ہو جسے وہ جانتا نہ ہو۔ بھارت سرکار نے یا کشمیر سرکار نے کبھی پاکستان سے ان کے نقصانات کا ذکر نہیں کیا۔ نقصانات کا معاوضہ مانگنے کی بات بھی نہیں سوچی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے لئے معاوضے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تب سوال یہ ہے کہ ان کا مستقبل کیا ہے؟ ابھی حال ہی میں یول کیمپ سے الور اور بیکانیر میں بھیجے گئے کچھ کشمیری بھائیوں کا ایک خط مجھے ملا۔ اس میں نہ صرف اس بات کی شکایت کی گئی کہ جو زمینیں انہیں آباد کرنے کے لئے دی گئی ہیں وہ آباد ہونے کے ناقابل ہیں بلکہ یہ بھی کہ ان علاقوں کی گرمی انہیں جھلسے ڈالتی ہے۔ بھارت سرکار کے وزیر بحالیات کو کیا معلوم کہ جن علاقوں میں یہ لوگ رہنے کے عادی تھے وہاں کبھی گرمی کا نام و نشان بھی نہیں ہوتا تھا — پونچھ اور مظفرآباد کے نواسیوں کو الور اور بیکانیر میں پھینک دینا اگر نہیں

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

KASHMIR LEGISLATURE ADJOURNED

SRINAGAR, May 8.—The Kashmir State Legislative Assembly adjourned till Monday after discussion on the Budget proposals presented to the House on Monday last.

Speakers today generally welcomed the Budget, but suggested increased attention to undeveloped areas like Ladakh and improvement in the condition of backward classes.—P. T. I.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Tribune 10-5-52

UNDYING FAITH IN SECULAR DEMOCRACY

Sh. Abdullah Reiterates Attitude Towards India

SRINAGAR, May 9.

SHEIKH ABDULLAH, Premier of Kashmir, has reiterated his faith in secular democracy and paid a tribute "to the magnificent assistance which the people of Kashmir had received from India and in particular the heroic exploits of the Indian army in protecting the life and honour of the Kashmiris".

Sheikh Abdullah was speaking at a function arranged yesterday by the Pandits of Kashmir to bid farewell to Pandit Narain Fotedar and Maulana Mohomed Saeed Masaudi who have been elected to represent the state in the Indian Parliament.

Sheikh Abdullah deplored the controversy in certain sections of the Press "started by the publication of a garbled version of his speech at Ranbirsinghpura".

He regretted that no one had cared to check the report with him. What intrigued him was that even after he had publicly tried to clarify the Ranbirsinghpura speech, some friends continued to make use of and put reliance on what was a wrongly reported speech. Some sections of the Press in India had found in this an opportunity to criticise him. He was used to criticism as well as praise, but it was quite interesting to find that overnight he had become a target of vilification. All his life's work and struggle had suddenly been put into cold storage and he appeared to some even as harbouring communal aims and outlook. This controversy, the Kashmir Premier said, had caused anguish and confusion among crores of people in India—people who wished him and Kashmir well.

Unkindest Cut

Sheikh Abdullah said the controversy could have been easily avoided if his friends and well-wishers had tried to understand him not by a single speech which, he maintained, was misreported but by his deeds and actions [illegible] over twenty years. Once the storm against him had begun, certain quarters had not hesitated even to insinuate that he was being held in position and power with the aid of Indian money and forces. This was the unkindest cut of all.

Magnificent Assistance

Sheikh Abdullah referred to the magnificent assistance which the people of Kashmir had received from India and in particular the heroic exploits of the Indian army in protecting the lives and honour of the Kashmiris. He said that the people of Kashmir owed a debt of gratitude to the common people of India, who, during the critical days of 1946, sent packets of salt to them as an expression of their affection and sympathy.

In view of the high ideals and purpose for which the people of Kashmir and Indi[illegible]

fought and suffered together, it is unbecoming for anyone to attribute ulterior motives to the desire for the maintenance of an honourable relationship which exists between India and Kashmir today', he said.

Minorities In Kashmir

The Kashmir Premier said the minorities in Kashmir had known him and his colleagues for a long time. They had witnessed the magnificent spectacle when their Muslim brethren had turned their face against the overtures of the Muslim League.

In the critical days of the invasion, the Muslims of Kashmir had shown by example that they would rather choose to let their homes be destroyed and their lives sacrificed than give up their faith in neighbourly brotherhood and communal unity.

Appeal To Minorities

He said: "Maqbool Sherwani and Abdul Aziz had willingly allowed their lives to be sacrificed in a supreme effort to save the honour and lives of their Hindu brethren. This ideal of secularism had been sanctified by the blood of many martyrs

(Continued On Page 7, Col. 4)

SH. ABDULLAH'S SPEECH

(Continued From Page 1, Col. 8)

and even at the cost of further sacrifices this ideal will be preserved by us in Kashmir. The minorities must play their part and in the uncertainty and anxiety which has prevailed for the last four years over the Kashmir question, they should rise to the occasion and become equal partners in the struggle for our common future. He asked them to continue to place their faith in the National Conference and its leadership in every trial and test.

Praja Parishad Activities

Sheikh Abdullah then referred to the activities of the Praja Parishad in Jammu and said that he was not at all disturbed by them because he fully knew their real strength among the common people of Jammu. He was convinced that these elements did not command much confidence of the Jammu masses who had nothing in common with the objectives and policies pursued by the Praja Parishad. But he realised that this movement constituted a potent danger inasmuch as it represented the backwash of Indian communalism which, after having been worsted in India, attempted to strike at the vital citadel of secular democracy which Kashmir represented.

Praja Parishad

Referring to the past misdeeds of the Praja Parishad leaders, Sheikh Abdullah said that he had given them full opportunities of making suitable amends for all that they had done. But the spirit of accommodation shown by the government was mistaken for its weakness and these leaders of the Praja Parishad continued to indulge in anti-national and subversive activities calculated to disrupt the very ideals which the National Conference had been fighting for. He had no doubt that the mischief emanated from interested quarters who were attempting to bring about disintegration of the state by inciting certain elements not only in Jammu but in Ladakh as well.

Referring to the suggestions of regional autonomy for Jammu and Ladakh, Sheikh Abdullah said that it was difficult for him to give his opinion categorically on the subject. He had repeatedly emphasised that prosperity and progress of the different units was inter-linked. He reiterated that Kashmir could not prosper without Jammu and Jammu likewise could not prosper without Kashmir. But if he suggested imposing unity by force, he was likely to be accused of being a dictator. But when he suggested that he would not stand in the way of regional autonomy for Jammu and Ladakh, he was charged with being interested only in the welfare of the Kashmiris.

In conclusion, Sheikh Abdullah pleaded for a correct understanding of his views. He said that it would be the greatest service to him to be presented faithfully to the world outside on the basis of his past struggle and present policies.—P.T.I.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Hindustan Standard
D/10-5-52

Praja Parishad Movement Denounced

SECULARISM IN DANGER, WARNS ABDULLAH

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, MAY 9.—Sheikh Abdullah, the Kashmir Premier, said here yesterday evening that the Praja Parishad movement constituted a potential danger inasmuch as "it represents the backwash of Indian communalism, which after having been worsted in India has attempted to strike at the vital citadel of secular democracy, which Kashmir represents."

SPEAKING at a function held to felicitate two State Nominees to the Indian Parliament Sheikh Abdullah said that he had no doubt that the "mischief" emanated from "interested quarters in India," who were attempting to bring about the disintegration of the State by inciting certain elements not only in Jammu but in Ladakh as well.

Sheikh Abdullah said that the ideal of secularism which had been sanctified by the blood of martyrs, "will be preserved by us in Kashmir even at the cost of further sacrifices."

"The ideal of Hindu-Muslim unity, which has flourished in Kashmir and for vindication of which the National Conference has offered the flower of its manhood, to stem the wave of hatred and inhumanity from Pakistan had found its echo in the heart of Gandhiji. It is our identity of interests that has drawn Kashmir towards India," Sheikh Abdullah said.

At the outset, he referred to the recent controversy in certain sections of the Indian Press concerning his Ranbirsinghpura speech and said that no one had cared to check the report of his speech with him.

Even the authorised version of the speech found publicity only after the "mischief had been done".

"This controversy, which started on a single wrong report of my

Continued on page 6 Col. 3

Abdullah's Warning

Continued from Page 1 Col. 8

speech, has caused anguish and confusion among the crores of people in India, who wish me and Kashmir well. This could have been avoided if my friends and well-wishers had tried to understand me not by the single speech misreported, but by my deeds and actions of over 20 years. This was the unkindest cut of all," the Kashmir Premier declared.

DEBT OF GRATITUDE

He referred to the great assistance which Kashmir had received

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Hindustan Times d/ 10.5.52

FAITH IN SECULARISM REITERATED

Sheikh Abdullah's Tribute To Indian Army's Help

SRINAGAR, May 9.

SHEIKH ABDULLAH yesterday reiterated his faith in secular democracy and paid a tribute "to the magnificent assistance which the people of Kashmir have received from India and in particular the heroic exploits of the Indian Army in protecting the life and honour of the Kashmiris."

Sheikh Abdullah was speaking at a function arranged by the pandits of Kashmir to bid farewell to Pandit Shiv Narain Fotedar and Maulana Mohammed Sayeed Masudi who have been elected to represent the State in the Indian Parliament.

The following is the official version of the Kashmir Premier's speech:

Sheikh Abdullah referred to the

Continued on back page col 1

ABDULLAH'S SPEECH

Continued from page 1, col. 4

controversy which had been started by the publication of a "garbled text" of his speech at Ranbirsinghpura and said he regretted no one had cared to check the report of the speech with him. Even the authorized version found publicity only after the mischief had been done. What intrigued him was even after he had publicly tried to clarify the Ranbirsinghpura speech, some friends continued to make use of and put reliance on what he was wrongly reported to have said. Some sections of the Press in India found this to be an excellent opportunity to vent their criticism against him.

He was used to criticism as well as to praise, but it was quite interesting to find that overnight he had become the target of vilification. All his life's work and struggle had suddenly been put into cold storage and he appeared to some even as harbouring communal aims and outlook. This controversy which started on a single wrong report of his speech had caused anguish and confusion among crores of people in India, who wished him and Kashmir well. This could have been avoided if his friends and well-wishers had tried to understand him not by a single speech misreported but by his deeds and actions of over 20 years.

Once the storm against him had begun, certain quarters had not hesitated even to insinuate that he was being held in position and power with the aid of Indian money and bayonets. This was the unkindest cut of all. This hurt the feelings of the people of Kashmir who had turned their eyes to India and thrown their lot with Gandhiji's India when Pakistan was at their doorstep. The ideal of Hindu-Muslim unity which had flourished in Kashmir and for the vindication of which the National Conference had offered the flower of its manhood to stem the wave of hatred and inhumanity from Pakistan had found its echo in the heart of Gandhiji and it was their identity of ideals which had drawn Kashmir towards India. Although Gandhiji is no more, Kashmir would not hesitate to offer the highest sacrifice to help the complete fulfilment of his mission.

GRATITUDE TO INDIA

Sheikh Abdullah referred to the magnificent assistance which the people of Kashmir had received from India and in particular the heroic exploits of the Indian Army in protecting the lives and honour of the Kashmiris. He said the people of Kashmir owed a debt of gratitude to the common people of India who, during the critical days of 1947, sent packets of salt to them as an expression of their affection and sympathy. In view of the high ideals and purpose for which the people of Kashmir and India have fought and suffered together, it is unbecoming for anyone to attribute ulterior motives to the desire for the maintenance of the honourable relationship which exists between India and Kashmir today.

Referring to the minorities in the State, Sheikh Abdullah said they had known him and his colleagues for a long time. They had witnessed the magnificent spectacle when their Muslim brethren had turned their face against the overtures of the Muslim League. In the critical days of the invasion the Muslims of Kashmir had shown by example that they would rather choose to let their homes be destroyed and their lives sacrificed [illegible] give up their faith [illegible]

Kashmir Budget Debate

Members' Criticism

[From Our Correspondent]

SRINAGAR, May 9. — Strong criticism was levelled against the State Budget yesterday when general debate on it began in the Jammu and Kashmir legislature.

Mrs Meni praised the Government for the work done during the past four years but asked for a more liberal grant for education and also pleaded for popularizing khadi and urged that wearing of khadi should be made compulsory.

Maulvi Ibrahim, member from Ladakh, described the miserable condition of the people there and said no provision had been made in the Budget for them. He also criticized the method of distribution of controlled commodities in Ladakh.

Mr Ghulam Mohd from Kulgam congratulated the Government on its working but complained that in his constituency there was no pucca road.

PROVISION FOR HARIJANS

Bhagat Chhajuram, Harijan member from Ranbirsinghpura, regretted that though in the last regime Rs 10,000 used to be reserved for Harijan students, yet absolutely no provision had been made in the present Budget. He also pleaded that the Government should make some grant to advance loans to peasants because after the establishment of debt conciliation boards none was ready to lend them any money.

Mr Ramchand Khajuria described the Budget as the best during the past four years but lamented the non-availability of medicines in rural dispensaries.

Wazir Ramsarandas complained about bad arrangements of water supply in many places in Jammu province.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Parbhat — 11.5.52

کشمیر ہند کے ساتھ ہے اور ہمیشہ ہند کے ساتھ ہی رہے گا

دہلی جا رہے ہند پارلیمنٹ کے کشمیری ممبران کا پٹھانکوٹ میں بیان

پٹھانکوٹ ۔ ۹ مئی کشمیر کی طرف سے ہندوستان پارلیمنٹ کے ممبران مولانا محمد سعید مسعودی میجر بخشی سنگھ خواجہ غلام قادر ۔ چودھری محمد شفیع ۔ صوفی محمد اکبر دہلی جاتے ہوئے یہاں سے گذرے ۔ ان کے ساتھ ہند پارلیمنٹ کے اپر ہاؤس میں نمائندگی کرنے والے ممبران سردار بدھ سنگھ ۔ کرنل پیر محمد ۔ پنڈت اننت رام بھی تھے ۔ اخباری نمائندہ کو دوران انٹرویو ان ممبران نے کہا کہ کشمیر ہمیشہ کے لئے ہندوستان کے ساتھ ہے ۔ یہ تعلقات ہرگز نہیں ٹوٹیں گے ۔ حالات بالکل نارمل ہیں ۔ ہندوستان اور کشمیر کے عوام کو ہند اور کشمیر کے باہمی تعلقات کے بارے کوئی فکر کی ضرورت نہیں ۔ یاد رہے کہ پارلیمنٹ کا سیشن کچھ دن تک شروع ہو رہا ہے اور یہ وہاں شرکت کریں گا

"Tej" D/11.5.52

کشمیر گاندھی جی کے آدرشوں کے

سیکولرازم کے آدرشوں کو شہیدوں کے خون نے مقدس بنا دیا ہے

سری نگر میں شیخ عبداللہ کا اعلان

میری ایک تقریر کی بجائے میرے ۲۲ سالہ کام کو دیکھا جائے

رنبیر سنگھ پورہ والی تقریر پر برہم ہونے والوں سے شکوہ

سری نگر ۱۰ مئی۔ جموں اور کشمیر کے پردھان منتری شیخ محمد عبداللہ نے اعلان کیا کہ کشمیر میں سیکولرازم کے آدرش کا تحفظ کیا جائے اس آدرش کو شہیدوں کے خون نے مقدس بنا دیا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو اس آدرش کے تحفظ کے لئے مزید قربانیاں بھی دی جائیں گی۔ شیخ عبداللہ نے یہ تقریر کشمیری پنڈتوں کے ایک جلسے میں کی جو پنڈت شونارائن فوتیدار اور مولانا مسعودی کو الوداع کہنے کے لئے بلایا گیا تھا۔ یہ دونوں ہند پارلیمنٹ میں کشمیر کی ترجمانی کریں گے۔ شیخ عبداللہ نے کہا کہ ہندو مسلم اتحاد کا آدرش کشمیر میں پروان چڑھا اور اس کے لئے نیشنل کانفرنس نے اپنے بہترین نوجوانوں کو قربان کر دیا اور پاکستان کی نفرت اور بے رحمی کی لہر کو روکنے کے لئے ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اس جدوجہد کا گاندھی جی کی طرف سے جواب ملا مفاد کی اس وحدت نے کشمیر کو ہند کی طرف کھینچا۔ گاندھی جی اگر اس دنیا میں موجود نہیں لیکن کشمیر ان کے مشن کو پورا کرنے کے لئے بڑی سے بڑی قربانیاں دینے سے بھی گریز نہ کرے گا۔ شیخ عبداللہ نے اپنی رنبیر سنگھ پورہ والی تقریر پر جاری شدہ بحث کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کسی نے اس تقریر کو پورے طور پر نہیں پڑھا اور اس کے مصدقہ متن کو اس وقت شائع کیا گیا جب شرارت ہو چکی تھی (باقی آخری صفحہ پر)

شیخ عبداللہ کی تقریر پہلے صفحہ سے آگے

غلط رپورٹ سے میرے اور کشمیر کے کروڑوں بہی خواہوں کے دل میں انتشار پیدا ہو گیا لیکن اگر میرے بہی خواہ میری ایک تقریر کی بجائے [illegible] بیس سالہ کام پر نظر رکھتے تو غلط فہمی نہ ہوتی۔ [illegible] بدسلوکی سے کشمیریوں کے جذبات کو تکلیف پہنچی [illegible] جنہوں نے اپنی شکست گاندھی جی کے [illegible] وابستہ کر دیا ہے۔ شیخ عبداللہ نے ہندوستان [illegible] امداد کا ذکر کرتے ہوئے ہندوستانی فوج کے [illegible] کارناموں کو سراہا۔ جلسے کے دوران کشمیری مسلمانوں [illegible] ثابت کر دیا کہ وہ ہندو مسلم اتحاد کو چھوڑنے [illegible] کو تباہ کرنے کے لئے تیار [illegible]

"Milap" D/11-5-52

جنتا کی آواز

جنتا پور منڈل کی مانگ

ریاست جموں و کشمیر کی تحصیل سانبہ میں قصبہ پور منڈل ہندوؤں کا ایک مشہور تیرتھ ہے جس کو [illegible] کا درجہ حاصل ہے۔ یہاں عرصہ ۲۸ سال سے پرائمری سکول چلا آ رہا ہے۔ لوئر مڈل کی منظوری کے لئے جنتا [illegible] کانفرنس پور منڈل نے افسران متعلقہ وزارت کی خدمت میں متعدد بار زبانی درخواست اور ریزولیوشن پاس کر کے عرضداشتیں دیں لیکن آج تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی حالانکہ تحصیل و ضلع میں کئی جگہیں قصبات ہیں [illegible] لیکن پور منڈل کا ایک بڑا قصبہ ہے جو اس [illegible] حکومت کے دور میں بھی محروم چلا آ رہا ہے [illegible] دیہات کے لوگ اس قدر غریب ہیں [illegible] پاس ہو جانے کے بعد اپنے بچوں کو دور دراز [illegible] تعلیم نہیں دلا سکتے جس سے بچوں کی عمر [illegible] ہوتی ہے [illegible] تعداد طلبا میں اضافہ نہیں ہو سکتا [illegible] ماہ جیٹھ ۲۰۰۸ میں انسپکٹر صاحب [illegible] انسپکٹر صاحب مدارس [illegible] پور منڈل تشریف لائے [illegible] صاحب موصوف سے عرضداشت کی گئی [illegible] فرمایا کہ اگر پبلک [illegible] تعداد طلبا میں اضافہ کر کے سکول کو مڈل [illegible] میں تبدیل کر کے رپورٹ کرے [illegible] مڈل کا انتظام کیا جائے گا۔ پبلک نے ایک عالیشان بلڈنگ کی مرمت کرا کر سکول جو اب [illegible] کی بلڈنگ میں تبدیل کر کے اعلیٰ حکام سے رپورٹ کر کر اسسٹنٹ انسپکٹر صاحب کی خدمت میں پہنچا دی لیکن تا حال لوئر مڈل کی منظوری کا کوئی انتظام نہیں ہوا۔ تعداد طلبا ۸۰ کے قریب ہو چکی ہے۔ مزید اضافہ کی کوشش جاری ہے [illegible] بہت بڑھ چکی ہے۔ لہٰذا حکومت و افسران متعلقہ سے التماس ہے کہ بہت جلد اس طرف توجہ فرما کر جنتا کی آرزو کو پورا کریں۔

دیارام [illegible] پور منڈل [illegible] جنتا [illegible] کانفرنس

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"Milap" 11.5.52

کشمیر کا الحاق حقائق منطق اور فل…

شیخ محمد عبداللہ وزیراعظم نے کشمیر اور ہند کے باہمی تعلقات خصوصاً الحاق کے متعلق اپنی چند تقاریر میں جو تاویل فرمائی ہے۔ اس کا ہر خاص و عام کے دل پر کچھ ایسا گہرا اثر ہوا ہے کہ جو ختم ہونے میں ہی نہیں آتا۔ بلکہ جملہ تضاد و تقاطع بیانات سے ہندوستان اور ریاستی عوام میں صرف سراسیمگی ہی بڑھتی جا رہی ہے بلکہ ریاست کی اقتصادی حالت یا کاروبار پر بھی اس کا بہت بڑا اثر پڑا ہے۔ جس پر راقم بھی اپنے وچار پرگٹ کرنے کی جرأت کرتا ہے۔

فیصلہ الحاق

یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ ہز ہائینس مہاراجہ جموں و کشمیر نے بحیثیت حکمران (مجاز) ۲۶ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو ایک مفصل چٹھی گورنر جنرل ہند کی خدمت میں بدیں مضمون ارسال کی۔ کہ "میری ریاست میں ایک سنگین صورت حالات پیدا ہو گئی ہے۔ اس لئے آپ کی حکومت سے استدعا ہے کہ ہماری فوری امداد کی جائے۔ اور کہ میرے لئے اس کے سوائے کوئی چارہ نہیں کہ میں ہندوستان سے امداد طلب کروں۔ جس کے لئے پہلے الحاق کا فیصلہ ضروری ہے۔ جو میں نے کر لیا ہے اور آپ کی حکومت کے لئے دستاویز الحاق منسلک کر رہا ہوں۔" وغیرہ۔

جواب

چٹھی مندرجہ بالا ۲۶ اکتوبر ۱۹۴۷ء کے جواب میں گورنر جنرل ہند نے مورخہ ۲۷ اکتوبر کو ارشاد فرمایا کہ آپ کا خط مورخہ ۲۶ اکتوبر ملا۔ جن مخصوص حالات کا آپ نے تذکرہ کیا ہے۔ اس کے پیش نظر میری حکومت نے منظور ہے ریاست کشمیر کے الحاق کو منظور کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور آپ نے فوجی امداد کے لئے جو اپیل کی ہے اس پر ہندوستانی فوجوں کو کشمیر بھیجنے کے لئے آج ہی کارروائی کر دی گئی ہے۔

عوام کا فیصلہ

مندرجہ بالا قانونی اور اخلاقی فیصلے کے بعد محولہ بالا چٹھیات کی روشنی میں عوام کی نمائندہ جماعت نیشنل کانفرنس جس کی نمائندگی کا شیخ صاحب کو دعویٰ ہے۔ پرجا پریشد۔ اور دیگر غیر سیاسی جماعتوں بلکہ ہر مذہب و ملت ہر فرد واحد نے بھی ہندوستان سے الحاق کے فیصلہ کو لبیک کہا۔ جس کی بار بار بذریعہ پلیٹ فارم اور ریزولیوشنوں وغیرہ کے ذریعہ زوردار تصدیق و تائید کی گئی۔ جملہ حقائق کی موجودگی میں پھر سے الحاق کے ناطق اصولی فیصلہ کو بار بار زیر بحث لانا۔ یا اس کو مشروط قرار دینا نہ صرف بعید از انصاف خلاف واقعات اور حقائق کے ہی منافی ہے بلکہ بحالات موجودہ صرف رسل و رسائل۔ ڈیفنس اور امور خارجہ کا الحاق کا نعرہ بلند کرنا۔ "ریاست جموں و کشمیر کی اقتصادی و پولیٹیکل حالت کے لئے سخت نقصان دہ ہے۔ اور پاکستان کے منصوبہ کو مضبوط کرنے کے مترادف ہے۔ لہٰذا اپنا کرم زندہ نہیں

رہ سکتے۔ کیونکہ تقریباً ہر شعبہ زندگی میں ہی ہم ہندوستان کے محتاج ہیں۔ جبکہ واحد حل ہندوستان سے مکمل الحاق ہی ہو سکتا ہے۔ برخلاف اس کے خود مختاری کا نعرہ بلند کرایا لداخ اور جموں وغیرہ کو بھی یہ ترغیب دینے کا مترادف ہوگا۔ وہ بھی علیحدگی اختیار کر لیں۔ جس سے تقسیم در تقسیم ہو کر ریاست کی اہمیت ہی ختم ہو جائے گی۔ جو ایک خطرناک قدم ہے۔ نیز ہندوستان سے مکمل یا مشروط الحاق کے سلسلہ میں جموں و کشمیر کے آئینی حکمران سے بھی یہ دریافت کرنا از بس ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آیا محولہ بالا خط دستاویز (الحاق) کے وقت آپ کا منشا مشروط الحاق سے تھا یا کہ غیر مشروط سے۔ نیز تو اس نعرہ آزادی کو سنکر

یہ بھی حیرانی ہوئی ہے کہ کچھ عرصہ پہلے یہ مہربان مہاراجہ بہادر پر یہ الزام لگاتے تھے کہ وہ ریاست کی آزادی کے خواب لیتے رہے اور وقت پر ہندوستان سے الحاق نہ کیا۔ جس سے ریاست کو نقصان پہنچا۔ مگر برخلاف اس کے آج یہی حضرات خود تین امور کے سوائے ریاست کی خود مختاری کے خواب لے رہے ہیں۔ کیا اس کا یہ صاف مطلب نہیں کہ مہاراجہ خود مختار نہیں رہ سکتے تھے اور اب شیخ صاحب مختار رہ سکتے ہیں؟ غلط الالتقاء کیا۔

اعتراضات اور جواب

اب ہم نے یہ دیکھا کر لینا ہے کہ مکمل الحاق کے خلاف اتنے میں شیخ صاحب کا یہ استدلال ہے

بیماری کا علاج

کراچی کے "ڈان" نے یہ مضحکہ خیز خبر شائع کی ہے کہ جموں و کشمیر پرجا پریشد کے لیڈر شری پریم ناتھ جی ڈوگرہ پچھلے دنوں دہلی میں آئے۔ تو بھارت سرکار کے کچھ وزیروں نے ان سے خفیہ ملاقات کی اور اس بات پر وچار کیا کہ کشمیر کے اندر شیخ عبداللہ کو نیچا دکھانے کے لئے کیا کچھ کیا جائے؟" — یہ خبر جتنی شرارت آمیز ہے اتنی ہی غلط اور بے بنیاد بھی۔ پاکستانی اخباروں نے ہندوستان کے خلاف پروپیگنڈا کی جو مہم شروع کر رکھی ہے یہ خبر اس کا ایک حصہ ہے۔ خبر گھڑنے والے کو یہ بھی پتہ نہیں رہا کہ بھارت سرکار میں کشمیر کے متعلق کسی پالیسی کو طے کرنے یا نہ کرنے کا اختیار صرف پنڈت جواہر لال جی کو ہے۔ ان کی اچھیا کے بغیر کوئی بات ہوتی ہے نہ پالیسی بنتی ہے۔ انہیں شاید یہ بھی یاد نہیں رہا کہ جن دنوں میں شری پریم ناتھ ڈوگرہ دہلی میں آئے ان دنوں میں پنڈت جواہر لال جی دہلی میں نہیں تھے بلکہ سکم اور تبت کی سرحد پر تھے۔ لیکن ان سب باتوں کی جانچ تو اسے ہوتی ہے۔ جس نے سچائی و ایمانداری سے کام لینا ہو۔ جن لوگوں کو محض شرارت کرنی ہو اور کسی کے خلاف پروپیگنڈا کرنا ہو وہ جھوٹ بھی بول سکتے ہیں اور بے بنیاد خبریں بھی گھڑ سکتے ہیں — پاکستانی اخبار نویسوں کو ایسا کرنے سے روک نہیں سکتے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ انہیں اس قسم کی خبریں گھڑنے کا موقع ملتا ہے تو کیوں؟ کیا ہم خود ہی انہیں یہ موقع مہیا نہیں کرتے؟ کیا اپنے خلاف ہونے والے پروپیگنڈے کے لئے ہم خود ہی ذمہ دار نہیں؟ پاکستانی اخباروں کو اس قسم کا پروپیگنڈا کرنے کا موقع ملا تو محض اس لئے کہ ہم نے کشمیر کے مسئلے کو ایک گورکھ دھندا بنا دیا ہے۔ ہم اربوں روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ اپنے سینکڑوں نوجوانوں کے جیون کی قربانیاں دیتے ہیں۔ اور سب …

… تدبر اور جرأت کی۔ بیماری کا اصل علاج یہ ہے۔ یہ نہیں کہ پاکستانی اخباروں کی جھوٹی اور شرارت آمیز خبروں …

ریم بیتھر … ڈیٹ پر …

۲۶ اپریل … انتخابات کے موجودہ ٹائم … استقبال کیلئے … والہانہ اثر … استقبال کر رہے … لوگوں کے دلوں … اس مرتبہ … ہاتھ جاتے پر …

دھلی

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

"Tej" D/11-5-52

کشمیر اسمبلی میں حکومت پر نکتہ چینی، جموں اور لداخ سے بے رخی

(ہمارے خاص نامہ نگار سے)

جموں کے پہاڑی علاقوں میں پانی کی بہم رسانی کا مطالبہ

سپیکر کو کئی بار تقریروں میں مداخلت کرنا پڑی

سرینگر ۹ مئی:- کل کشمیر جمہوری اسمبلی کے اجلاس میں بجٹ پر بحث کے دوران میں کئی ممبروں نے حکومت کی پالیسی پر نکتہ چینی کی۔ سپیکر کو کئی بار تقریروں میں مداخلت کر کے ممبروں سے یہ کہنا پڑا۔ کہ وہ موضوع پر ہی تقریریں کریں۔

مسٹر عبد اللہ میر نے بجٹ کا آغاز کرتے ہوئے کہا۔ کہ یہ بجٹ ایک معجزہ ہے۔ ریاست میں پچھلے چار سال جو غیر یقینی حالات رہے۔ انکے پیش نظر اتنا کم گھاٹا نہایت حیرت انگیز ہے۔ اور میں حکومت کو اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

مسٹر غلام رسول رنزو نے زمینداری کے خاتمہ پر پسندیدگی کا اظہار کیا۔ اور کہا۔ کہ حکومت نے اچھا کیا۔ کہ جو معاوضہ دیئے بغیر زمینداروں سے زمینیں لے کر کسانوں کے حوالے کردیں مگر یہ افسوس کا مقام ہے۔ کہ حکومت نے سردیوں کے دنوں میں کسانوں کے لئے کام کا کوئی انتظام نہیں کیا۔

مسٹر کشن دیو سیٹھی نے کہا۔ کہ کشمیر نے تعلیم کی توسیع۔ آبپاشی کی سکیموں اور ٹرانسپورٹ کا انتظام بہتر کرنے میں نمایاں ترقی کی ہے۔ مگر موجودہ بجٹ سوچ سمجھ کر تیار نہیں کیا گیا۔ آپ نے کہا۔ کہ ایڈمنسٹریشن کے اخراجات بہت بڑھ گئے ہیں۔ اور خواہ مخواہ سیکرٹریوں اور انڈر سیکرٹریوں کی تعداد بڑھائی جا رہی ہے۔

پولیس کے محکمہ پر کڑی نکتہ چینی کرتے ہوئے آپ نے کہا۔ کہ ۴۸-۱۹۴۷ء میں اس محکمہ پر صرف ۱۸ لاکھ کا خرچ ہوتا تھا۔ مگر اب یہ اخراجات بڑھ کر ۹۰ لاکھ تک جا پہنچے ہیں۔ یہ واقعہ بجائے خود اس بات کا ثبوت ہے۔ کہ ہمارا ایڈمنسٹریشن درست نہیں۔

تعلیم اور پبلک ورکس کے اخراجات کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر سیٹھی نے کہا۔ کہ بنیادی اور پرائمری تعلیم پر مناسب توجہ نہیں دی جا رہی۔ ہمارے عوام کی ۹۶ فیصدی تعداد دیہات میں رہتی ہے۔ انکی تعلیم کے لئے خاص سکیمیں بننی چاہئیں۔ محکمہ صحت عامہ کے لئے ۲ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے۔ مگر بجٹ میں دیہات کی ڈسپنسریوں میں دوائیوں کے لئے صرف ایک لاکھ روپیہ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ جو بہت کم ہے۔ کچھ دیہاتی ڈسپنسریوں کی تو یہ حالت ہے۔ کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کہ وہاں دوائیوں کی بجائے مریضوں کو پانی دیا جا رہا ہے۔

جموں کی طرف توجہ دو

مسٹر سیٹھی نے مزید کہا۔ کہ اگرچہ بجلی کی بہم رسانی کا اکثر چرچا ہوتا رہتا ہے۔ مگر جموں میں نہ تو بجلی کا معقول انتظام ہے۔ نہ ہی پینے کے پانی کا۔ کئی دن جموں میں بجلی کا انتظام کرنے کا اعلان ہوتا ہے۔ لیکن وہاں یہ حالت ہے۔ کہ بجلی کی مدھم روشنی میں کوئی شخص اخبار تک نہیں پڑھ سکتا۔ جہانتک دیہاتیوں کو امدادی قرضے دینے کا تعلق ہے۔ بجٹ نے کوئی توجہ ہی نہیں دی۔ بیکاری کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر سیٹھی نے کہا۔ کہ دیہاتی علاقوں پر کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی۔ غریب اور متوسط طبقہ تباہ ہو رہا ہے۔ مگر انکی حالت بہتر بنانے کے لئے کچھ نہیں کیا گیا۔

شرنارتھیوں کی حالت

مسٹر سیٹھی نے شرنارتھیوں کی حالت کا ذکر کرتے ہوئے کہا۔ کہ محکمہ مالیات نے ابھی تک انکے مسئلہ کا تسلی بخش حل نہیں کیا۔ نتیجہ یہ ہے ... صرف ریاست میں ہزاروں شرنارتھی بے گھر پڑے ہوئے ہیں بلکہ ...

ہزاروں بھا ... ہیں خانہ ... آخر میں آ ... کی زندگی کا ... سکیولرازم ...

کشمیر کے مستقبل کا مسئلہ!

ڈپٹی ہوم منسٹر کشمیر دہلی میں

نئی دہلی ۹ مئی:- کشمیر کے ڈپٹی ہوم منسٹر شری ڈی۔ پی دھار یہاں آئے ہوئے ہیں، کل انہوں نے شری جواہر لال نہرو سے ملاقات کی، معلوم ہوا ہے، کہ آپ شیخ عبد اللہ کا کوئی پیغام لے کر آئے ہیں اور ڈاکٹر گراہم کی رپورٹ پر پنڈت جواہر لال نہرو سے بات چیت کی۔

(نامہ نگار)

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Inulab 11.5.52

کشمیری عوام گاندھی جی کے مشن کی تکمیل کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے گریز نہ کرینگے

(سرینگر میں وزیر اعظم کشمیر شیخ عبداللہ کا اعلان)

پرجا پریشد پر تخریبی سرگرمیوں کے الزام کا اعادہ

ہم کشمیر میں سیکولرازم کے نظریہ کو رتی بھر بھی آنچ نہ آنے دیں گے

سرینگر ۹ مئی۔ جموں و کشمیر کے پردھان منتری شیخ عبداللہ نے کل یہاں ایک تقریب کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے اس بحث کا ذکر کیا جو ان کی رنبیر سنگھ پورہ والی تقریر کے متعلق ہندوستانی اخباروں کے چند حلقوں میں چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی نے بھی اس تقریر کی بابت مجھ سے تصدیق کرانے کی پروا نہیں کی میری تقریر کا سرکاری مسودہ بھی اس وقت شائع کیا گیا جبکہ سنسنی پھیلائی جا چکی تھی۔ شیخ عبداللہ نے کہا کہ مجھے زیادہ فکر اس بات پر ہوئی کہ میں نے کھلے لفظوں میں اپنی رنبیر سنگھ پورہ والی تقریر کی وضاحت کر دی۔ لیکن اس کے باوجود چند دوست اس تقریر کا استعمال کر رہے ہیں اور اس پر اڑے ہوئے ہیں جو کہ غلط رپورٹ کی گئی تھی انہوں نے کہا کہ ہندوستانی اخبارات کے چند حلقوں کو میرے خلاف نکتہ چینی کرنے کا شاندار موقعہ ہاتھ آ گیا سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ ایک ہی رات میں نکتہ چینیوں کا نشانہ بن گیا اور میری ربع صدی

اس سنون پر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ جس کا کشمیر منظر ہے پرجا پریشد کے لیڈروں کی سابقہ غلطیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں اپنا رویہ درست کرنے کا کافی موقع دیا گیا لیکن وہ لوگ اسے سرکار کی کمزوری سمجھتے ہیں۔ اور اب تک تخریبی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ جموں اور لداخ کو علاقائی خود مختاری دیئے جانے کی تجویز کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبداللہ نے کہا میں فی الحال اس موقع پر کچھ نہیں کہہ سکتا۔ انہوں نے ایک بار پھر کہا کہ جموں کے بغیر کشمیر اور کشمیر کے بغیر جموں خوشحال نہیں ہو سکتے۔ دونوں کی خوشحالی اور ترقی ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہے شیخ عبداللہ نے یہ تقریر اس دعوت کے موقع پر کی جو کشمیری پنڈتوں کی طرف سے پارلیمنٹ کے لئے نامزد کردہ کشمیری ممبروں پنڈت شیو نرائن فوتیدار اور مولانا محمد سعید مسعودی کے اعزاز میں دی گئی تھی۔

شیخ عبداللہ کی تقریر (بقیہ صفحہ اول سے آگے)

اور میری تمام زندگی کی خدمات اور جدوجہد پر پانی ڈال دی گئی۔ شیخ عبداللہ نے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ صرف اس ایک تقریر پر جو بحث ملی ہے۔ اس سے کروڑوں ہندوستانیوں میں تھیں کہ سب دبلہ جیبی اور انتشار پیدا ہو گیا ہے۔ جو کہ میری اور کشمیر کی بھلائی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چیز پیدا نہیں ہوتی۔ اگر میرے دوست اور بہی خواہ مجھے میری اس ایک تقریر کی بجائے میری گزشتہ بیس سالہ خدمات اور عمل سے سمجھنے کی کوشش کرتے۔ چند اخبارات نے تو یہاں تک کہنے سے دریغ نہیں کیا کہ مجھے اپنی موجودہ پوزیشن ہندوستان کے سرمایہ اور فوج کی امداد سے ملی ہے۔ ان اخبارات کا یہ کہنا میرے ساتھ سب سے بڑی زیادتی ہے۔

شیخ عبداللہ نے کہا کہ ان باتوں سے کشمیری عوام کے جذبات مجروح ہوتے ہیں جنہوں نے پاکستانی حملہ کے وقت ہندوستان کی طرف نظریں لگائیں اور اپنے

آپ کو گاندھی جی کے ہندوستان کے ساتھ وابستہ کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر گاندھی جی کے مشن کو پورا کرنے کے لئے بڑی سے بڑی قربانی کر دینے سے بھی دریغ نہیں کرے گا۔

شیخ عبداللہ نے اپنی تقریر کے دوران ہندوستان کی امداد اور ہندوستانی فوج کی قربانیوں کی سراہنا کی شیخ عبداللہ نے قلبیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں خواہ مزید قربانیاں کیوں نہ دینی پڑیں۔ لیکن ہم سیکولرازم پر آنچ نہیں آنے دیں گے جسے کہ شہیدوں کے خون نے مقدس بنا دیا ہے۔ پرجا پریشد کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبداللہ نے کہا کہ اس تحریک میں اس حد تک خطرہ پوشیدہ ہے۔ جس حد تک کہ وہ ہندوستانی فرقہ پرستی کی پسرودہ موج کی نمائندہ ہے۔ جس نے کہ ہندوستان میں شکست کھانے کے بعد سیکولر جمہوریت

Hind Smachar D/11.5.52

(سرینگر میں شیخ عبداللہ کی تقریر)

پرجا پریشد کے لیڈروں کے جرائم قاسم رضوی سے کم سنگین نہیں

ہم ہندوستانی فوج کی وجہ سے نہیں مشترکہ آدرشوں کی وجہ سے ہند میں شامل

بلدار رنجیت سنگھ ساکن [illegible] اور شری سریندر ناتھ ساکن [illegible] کو ستیہ گرہ کرنے پر ایک سال قید سخت اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں چار ماہ قید سخت یا دو سات ماہ قید سخت و سات سو روپیہ جرمانہ عدم ادائیگی کی صورت میں دو ماہ قید کی سخت سزا ہوئی ہے۔ اس فیصلہ کے خلاف سیشن کورٹ میں اپیل دائر کر دی گئی ہے۔ جن عورتوں کو پچھلے دنوں رہا کیا گیا تھا ان کے بارے میں (باقی صفحہ ۵ پر)

پرجا پریشد کا ستیہ گرہ [illegible]

یہیں مقامی اخباروں نے یہ خبر شائع کی ہے کہ یہ عورتیں معافی مانگ کر رہا ہوئی ہیں۔ یہ خبر پڑھ کر ان عورتوں کا ایک وفد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے ملا۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے تو معافی نامہ پر دستخط کئے ہیں۔ عورتوں نے کہا کہ ہم سے تو یہ کہہ کر سپرنٹنڈنٹ نے دستخط کرائے تھے کہ یاد رہے وغیرہ واپس کئے جا رہے ہیں۔

ڈاکٹر اوم پرکاش مینگی ڈنٹل سرجن سول ہسپتال جموں بھوک ہڑتال پر ہیں

جموں کی خبریں

جموں ۲۵ اگست پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن کئی روز سے بند ہے شہر میں اب کوئی جلوس نہیں نکالا جاتا اور نہ ہی گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔

عورتوں کی تلاشی

رگھوناتھ بازار میں [illegible] شاہ بزاز کی دکان سے چند نوجوان دیہاتی عورتوں نے جو کہ شہر میں سودا خریدنے آئی ہوئی تھیں، کچھ کپڑا وغیرہ خریدا۔ جب وہ جانے لگیں تو دکاندار نے شور مچانا شروع کر دیا کہ کپڑا چوری ہو گیا ہے۔ اس پر وہاں بہت سے لوگ جمع ہو گئے اور بیچاری نوجوان عورتوں نے سربازار سب کے سامنے جامہ تلاشی دی۔ کوئی چوری کا کپڑا بالکل نہ نکلا۔ چنانچہ دکاندار بہت شرمندہ ہوا اور سب کے سامنے عورتوں سے معافی مانگی۔

Parbhat.

جموں کی عورتوں کا وفد!

پنڈت نہرو اور گوپال سوامی آئنگر سے ملا

دہلی ۱۸ اگست۔ جموں سے ایک عورتوں کا ڈیپوٹیشن زیر سرکردگی شریمتی شانتا بی اے اور شریمتی [illegible] آج یہاں پہنچا۔ یہ پنڈت جواہر لال نہرو اور شیخ عبداللہ سے ملا۔ شری گوپال سوامی آئنگر سے بھی اس ڈیپوٹیشن نے ملاقات کی۔ انہوں نے جموں کے حالات کے متعلق آگاہ کیا۔ اور ستیہ گرہی عورتوں پر پولیس کے مظالم کا خاص طور پر ذکر کیا اور ان لیڈروں سے پرارتھنا کی کہ وہ حالات کو بد سے بدتر ہونے سے بچائیں۔ (ا۔پ)

Parbhat

جموں کے محلہ پر تیس ہزار روپیہ جرمانہ معاف کر دیا گیا

جموں ۱۸ اگست۔ رگھوناتھ پورہ کے محلہ پر تیس ہزار روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ وہ معاف کر دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ جرمانہ اس بنا پر معاف کیا گیا ہے کہ اس محلہ کے کچھ لوگوں نے اپنی طرف سے پرجا پریشد کے خلاف ایک پوسٹر نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پوسٹر کو چھپوا کر پرجا پریشد کے خلاف پروپیگنڈا کے طور پر استعمال کیا جائیگا۔ (ا۔پ)

Milap.

رہائی

جموں سنٹرل جیل سے روزانہ پرجا پریشد کے گرفتار شدگان کو رہا کیا جا رہا ہے۔ پہلے دن دیویوں کو رہا کیا گیا۔ جب ان میں سے کسی دیوی یا نوجوان سے بحیثیت نامہ نگار اس قدر جلد رہائی کے بارے میں پوچھا تو ہر کسی نے یہی جواب دیا کہ حکومت نے ہم کو جیل سے غیر مشروط طور پر رہا کیا ہے۔ دوسری طرف کشمیر سرکار کہتی ہے کہ کئی لوگ معافی نامہ لکھ کر اور آئندہ کسی ایجی ٹیشن میں حصہ نہ لینے کا تحریری بیان دے کر رہا ہوئے ہیں۔ حکومت کے اس بیان کو پرجا پریشد والے درست نہیں سمجھتے ان کا کہنا ہے کہ گورنمنٹ اگر سچی ہے تو معافی مانگنے والوں کے نام بتائے۔ [illegible] گئے ہیں کئی ستیہ گرہیوں کو رہا کیا گیا ہے۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

24 th August
51

VIR BHARAT

جموں میں پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن ختم ہو گئی!

۱۴۷ اشخاص معافی مانگنے پر رہا کئے گئے

جموں ۲۶ اگست۔ دو ماہ کا عرصہ ہوا۔ جموں میں پرجا پریشد نے ایجی ٹیشن شروع کی تھی۔ اس کے سلسلہ میں صوبہ بھر میں ۲۷۴ گرفتاریاں ہوئیں۔ جن میں ۲۱۰ دفعہ ۵۰ کے ماتحت اور ۶۳ پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے ماتحت ہوئیں۔ ان میں ۲۶ عورتیں بھی ہیں۔ ۱۳۷ اشخاص کو جن میں ۲ عورتیں بھی شامل جیل۔ ۱۳۷ اشخاص کو جن میں ۲۴ عورتیں بھی شامل ہیں۔ تحریری معافی مانگنے پر رہا کر دیا گیا ہے گزشتہ ایک ہفتہ سے یہ تحریک بند ہو چکی ہے اور اب کوئی بھی جلوس وغیرہ نہیں نکلتا۔ خفیہ لٹریچر برآمد کرنے کے لئے مقامی پولیس نے بہت سے چھاپے لیکن کسی جگہ سے بھی اس قسم کا لٹریچر برآمد نہیں ہوا۔

Partap.

جیل سے

جموں جیل سے ۲۲ عورتیں رہا

بہت سے قیدی سرینگر میں منتقل

جموں ۲۴ اگست۔ جموں کی سنٹرل جیل سے اتوار کی رات کو پرجا پریشد کی تحریک میں گرفتار شدہ ۲۲ عورتوں کو رہا کر دیا گیا۔ شریمتی پاروتی دیوی اور سہاگ ونتی کو سرینگر جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سے دوسرے اشخاص کو جو اس تحریک کے سلسلہ میں گرفتار کئے گئے ہیں انہیں جموں جیل سے سرینگر جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے مزید کے بھیجنے کی توقع ہے۔

30 August.

Milap 30 Aug.

ملاپ کے خاص نامہ نگار سے

کشمیر سرکار نے لالہ روپ چند پردھان پرجا پریشد کو رہا کر دیا

جموں توی ۲۸ اگست کل رات کشمیر سرکار نے لالہ روپ چند نندہ پردھان پرجا پریشد کو رہا کر دیا۔ یاد رہے کہ مہینہ پہلے پرجا پریشد کی طرف سے نندہ جی کی رہنمائی میں ستیہ آگرہ شروع کیا گیا تھا شری نندہ کو نظربندی کے حکم کی تعمیل سے انکار پر گرفتار کر لیا گیا اور چند روز پہلے انہیں تیرہ ماہ قید کی سخت سزا دی گئی۔ کشمیر سرکار کی ہوم افیر منسٹری کے سپیشل سیکرٹری شری [illegible] نے آج صبح ایک پریس کانفرنس میں ایک چٹھی پڑھ کر سنائی جو کہ شری نندہ نے ڈپٹی پرائم منسٹر بخشی غلام محمد کو لکھی ہے جس میں آپ نے بخشی صاحب سے کہا ہے کہ وہ انہیں اپنے دیش کی خوشحالی و امن کیلئے بطور دیش بھگت اپنا پارٹ ادا کرنے کا موقعہ دیں۔

Statesman 30 Aug.

SATYAGRAHA IN JAMMU CALLED OFF

BY A STAFF REPORTER

Withdrawal of the Jammu Praja Parishad's satyagraha movement against the State Government has been announced by the President of the organization, Mr Rup Chand Nanda, who was released from jail on Saturday after two months' detention.

It is understood that nearly 200 demonstrators are still in prison and their release is expected as soon as the decision to call off the satyagraha becomes effective. Twenty-two women prisoners have already been released.

A statement issued by Mr Nanda says: "I have learnt with extreme pain and regret that the situation in Jammu has been exploited by certain anti-social elements with a view to disturbing the peace and tranquillity of our country.

"I am conscious of the fact that the activities of this anti-social section of the people do not serve anyone except the ends of Pakistan, and it is a great pity that some interested quarters, both inside and outside our State, have used this occasion to indulge in a campaign of malicious lies against the State.

"I strongly condemn such activities. At a moment when we need all our united strength to face the numerous problems confronting us, such actions will necessarily appear insane and anti-social.

"I have pondered over the situation thoroughly and have painfully realized that the lack of proper appreciation of the conditions has unfortunately led us to associate ourselves with these actions.

"In these circumstances I do not want to be merely an idle spectator but want to contribute my humble share to the determined efforts made by an overwhelming section of the people of Jammu to isolate these mischievous elements and thereby promote the cause of peace.

"I would therefore be grateful if the Government be pleased to consider the feasibility of affording me an opportunity to play my part as a patriot for the cause of peace and prosperity of my country and its Government".

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

Milap 31st August. Delhi

(ملاپ کے نامہ نگار سے)

شری روپ چند نندہ کی چٹھی بخشی غلام محمد نائب وزیر اعظم کے نام

فسا پیدا کرنے والے عناصر کی سرگرمی کو روکا جائے

[illegible] جموں پرجا پریشد کے پریذیڈنٹ شری روپ چند نندہ جنہوں نے حکومت کے خلاف [illegible] کو رہا کر دیا گیا۔ آپ کی رہائی دو ماہ کی حراست کے بعد عمل میں آئی ہے [illegible]

[illegible]

[illegible] کی حکومت کے مفاد میں اپنا تعاون دینے کے امکان پر غور کرے۔

مسٹر نندہ نے حکومت کی جانب سے نندہ صاحب کو مبارکباد دی اور انہیں یقین دلایا کہ ملک کی بھلائی کے لئے ان کی کوشش [illegible]

[illegible]

(نامہ نگار)

"Tej" Delhi

مسٹر (پی۔ ٹی۔ آئی)

جموں پرجا پریشد کے صدر مسٹر روپ چند نندہ نے پرجا پریشد کے ستیہ گرہ کی مذمت کی

حکومت کے خلاف اس قسم کی سرگرمیوں سے کوئی فائدہ نہیں

مسٹر نندہ نے شرارتی عناصر کو ختم کرنے کیلئے اپنی خدمات پیش کر دیں

جموں ۲۹ اگست جموں پرجا پریشد کے صدر شری روپ چند نندہ کو دو ماہ کی نظر بندی کے بعد کل پیرول پر رہا کر دیا گیا ہے۔ کل ایک پریس کانفرنس میں اس کا انکشاف کرتے ہوئے کشمیر گورنمنٹ کی ہوم منسٹری کے سپیشل سیکرٹری مسٹر ... نے بتلایا کہ رہائی سے پہلے مسٹر نندہ نے حکومت کشمیر کے ڈپٹی پرائم منسٹر کو ایک چٹھی لکھی تھی جس میں انہوں نے ریاست کے اندر حکومت کے خلاف سرگرمیوں پر اظہار افسوس کیا تھا۔ مسٹر ... نے بتلایا کہ مسٹر نندہ نے بہ حیثیت ایک شہری اور بہ حیثیت صدر جموں پرجا پریشد اس امر سے انکار کیا کہ حکومت کے خلاف جو مکروہ جھوٹ بولے گئے ہیں یا دہ انکی یا پرجا پریشد کی منظوری سے بولے گئے ہیں (باقی صفحہ ...)

پرجا پریشد کے ستیہ گرہ کی مذمت

(صفحہ اول سے آگے)

اپنی چٹھی میں مسٹر نندہ نے لکھا ہے۔ میں یہ بات اچھی طرح جانتا ہوں۔ کہ جو لوگوں نے حکومت کے خلاف جو سرگرمیاں شروع کی ہوئی ہیں۔ ان سے پاکستان کے سوا اور کسی کو فائدہ نہیں پہنچا۔ میں اس امر کی پرزور مخالفت کرتا ہوں۔

مسٹر نندہ نے مزید لکھا ہے۔ کہ میں نے تمام صورت حالات پر غور کیا ہے۔ اور اس نتیجہ پر پہنچا ہوں۔ کہ صورت حالات کو اچھی طرح نہ سمجھنے کی وجہ سے اس قسم کی سرگرمیوں کے ساتھ ہم نے اپنا تعلق قایم کر لیا ہے۔ ان حالات میں میں ان سرگرمیوں کی طرف ایک تماشائی کی حیثیت سے نہیں دیکھنا چاہتا۔ بلکہ میں اس شرارتی عناصر کو ختم کرنے کے لئے اور امن کے قیام میں امداد دینے کے لئے اپنی عملی خدمات پیش کرتا ہوں۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے۔ کہ جموں پرجا پریشد کے نام پر حکومت کے خلاف ستیہ گرہ کی تحریک شروع کی گئی تھی۔

(ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جموں سے)

پرجا پریشد کی تحریک کے ۳۱۰ گرفتار شدگان میں سے ۱۰۶ معافی مانگ کر رہا ہو چکے ہیں

بیشتر نے معافی نامے پیش کر دیئے حکومت غور کر رہی ہے

جموں ۲۲ اگست۔ آج جموں کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راؤ صاحب ... نے کہا کہ پرجا پریشد کی تحریک کے سلسلہ میں جو اشخاص گرفتار کئے گئے وہ تقریباً تمام کے تمام ... ہیں۔ تحریک کے آغاز سے اس وقت تک کل ۳۱۰ افراد گرفتار کئے گئے۔ ان میں سے ۱۰۶ جن میں کہ اس وقت تک گرفتار ہونے والی ۲۲ استریاں بھی شامل ہیں۔ معافی مانگ لینے پر رہا کئے جا چکے ہیں۔

ایک اطلاع ہے کہ پرجا پریشد کی تحریک بالکل دم توڑ چکی ہے۔ اسے دوبارہ زندہ کرنے کی کوشش بھی ناکام ثابت ہوئی ہے۔ بیشتر گرفتار شدگان نے معافی نامے پیش کر دیئے ہیں۔ جن پر حکومت غور کر رہی ہے۔ کشمیر سرکار کے حلقوں نے اس خبر کو قطعاً بے بنیاد قرار دیا ہے کہ یوم آزادی پر جموں میں منعقدہ جلسہ کے موقعہ پر جس میں بخشی غلام محمد نے تقریر کی لاٹھی چارج کیا گیا۔

(اے۔ پی۔ آئی)

Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Dig

31 August

Vir Bharat

پرجا پرشد دشمنوں کے ہاتھ میں کٹھ پتلی نہیں بننا چاہتا

جموں کو کشمیر سے علیحدہ کرنے کا مطالبہ بھی نہیں کیا گیا

جموں ۲۹ اگست: ہوم منسٹری کے سیکرٹری مسٹر الیس کے ریانے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ جب انہوں نے جیل میں پرجا پرشد تحریک کے صدر لالہ روپ چند نندہ سے ملاقات کی۔ تو انہوں نے کہا کہ میرے سامنے حکومت کے خلاف پراپیگنڈا کرنے کا کوئی پروگرام نہیں تھا۔ ہم دشمن کا آسرا نہیں بننا چاہتے۔ پرجا پرشد نہ یہ مطالبہ کرتا ہے۔ کہ حاکم وادی کے لئے کشمیری ہو۔ اور نہ یہ کہ جموں کو کشمیر سے الگ کر دیا جائے۔ (وی پ)

Partap.

جموں پرجا پریشد کے صدر نے اپنی قابل اعتراض سرگرمیوں کیلئے معافی مانگ لی

پرجا پریشد کی سرگرمیوں سے پاکستان کے ہاتھ مضبوط ہوتے ہیں

جموں ۲۹ اگست۔ کل یہاں ایک پریس کانفرنس میں حکومت جموں و کشمیر کے سپیشل سیکرٹری نے انکشاف کیا کہ پرجا پرشد کے صدر شری روپ چند نندہ کو سنیچر وار سے دو ماہ کے پیرول پر رہا کیا گیا ہے۔ شری نندہ نے حکومت کو ایک خط لکھا تھا جس میں آپ نے سرکار کیخلاف سرگرمیوں پر اظہار افسوس کیا اور لکھا کہ میں پرجا پرشد کے لیڈر کی حیثیت سے اعلان کرتا ہوں کہ حکومت کیخلاف جو الزامات لگائے گئے تھے وہ بے بنیاد ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ ہماری سرگرمیوں سے پاکستان کے ہاتھ مضبوط ہوتے ہیں۔ اب میں عوام کیساتھ آزادی کی جدوجہد میں [illegible]

جموں کا روزانہ اخبار رنبیر

پرجا پرشد کے متعلق خبروں پر پابندی

جموں ۲۹ اگست: صوبہ جموں کے گورنر اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راؤ صاحب سندر داس نے جموں کے روزانہ اخبار "رنبیر" کے ایڈیٹر لالہ ملک راج صراف کو حکم دیا ہے کہ تا اطلاع ثانی وہ اپنے اخبار میں پرجا پرشد کی ایجی ٹیشن کے متعلق کوئی بھی خبر اس وقت تک نہ چھاپے جب تک کہ وہ خود اس خبر کی سچائی کے متعلق پوری پوری چھان بین نہ کرے۔ یہ حکم اس خبر کی بنا پر جاری کیا گیا ہے جو کہ یوم آزادی کے دن جموں میں پرجا پرشد کے چند لڑکوں کی گرفتاری کے سلسلے میں شائع کی گئی تھی۔ اس خبر میں بتایا گیا تھا کہ جب بخشی غلام محمد ڈپٹی وزیر اعظم اپنی کار میں جانے لگے تو پرجا پرشد کے چند حامی لڑکوں نے آپ کے خلاف مظاہرہ کیا۔ اخبار "رنبیر" نے الزام لگایا تھا کہ پولیس نے اس سلسلہ میں اُن لوگوں کو بھی گرفتار کر لیا ہے جو کہ پرجا پرشد سے بالکل تعلق نہیں رکھتے۔

Hind Samachar

لی عرش سے بمبئی آتے ہوئے ر

جموں پرجا پرشد کا پریذیڈنٹ

عبداللہ حکومت نے رہا کر دیا

جموں ۲۹ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ شیخ عبداللہ کی حکومت نے پرجا پرشد جموں کے پریذیڈنٹ مسٹر روپ چند کو رہا کر دیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر روپ چند نے وزیر اعظم کو ایک خط تحریر کیا تھا۔

کاروبار جاری [illegible] خریدنے ... بھی نقد لیا جائے گا ... ہزار /5000 ... معہ بیمہ ماہوار آمدنی ... اگر کوئی خریدنا ... کرنے والے ...

فروخت

[illegible] مل سکتی ہے ... ایچ آئی ...

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

31 August.

مارننگ ایڈیشن دہلی اور جالندھر سے ایک ساتھ شائع ہونیوالا ہندوستان کا ممتاز ترین کثیر الاشاعت اخبار

ٹیلیفون ۸۸۵۸

THE DAILY "MILAP" NEW DELHI

رجسٹرڈ ڈی ۲۲۹

DATED: 31. 8. 49

ملاپ (روزانہ)

قیمت فی پرچہ دو آنے بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

دہلی نیو

ایڈیٹر گوری شنکر ساگر

جلد ۲۷ | بدھ وار ۳۱ اگست ۱۹۴۹ء مطابق ۱۶ بھادوں سمت ۲۰۰۶ | نمبر ۱۳۷

پرجا پریشد نے کشمیر سرکار کے خلاف تحریک واپس لے لی

کہ مسلمان ... جائیدادوں کے آرڈیننس کے متعلق اپنے دلوں سے شبہات دور کر دینے چاہئیں

(ملاپ کے خاص نامہ نگار سے)

پرجا پریشد تحریک واپس لے لی گئی

رہائی کے بعد پردھان شری نندہ کا اعلان

سری نگر ۲۹ اگست۔ جموں پرجا پریشد کے پردھان شری روپ چند نندہ نے جنہیں سنیچر وار کو جیل سے رہا کیا گیا تھا، کشمیر سرکار کے خلاف پرجا پریشد کی تحریک واپس لینے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ تقریباً دو سو ستیہ گرہی جو کہ ستیہ گرہ کے سلسلہ میں ابھی تک جیل میں ہیں۔ تحریک کے ختم ہوتے ہی رہا کر دیئے جائیں گے۔

اس سلسلہ میں ۲۱ دیویاں بھی گرفتار ہوئیں تھیں جو کہ پہلے ہی رہا کی جا چکی ہیں۔

(خاص نامہ نگار)

"Milap" Delhi

لالہ روپ چند نندہ کی رہائی

میں کشمیر سرکار کو اس قدم پر مبارکباد دیتا ہوں جو اس نے پرجا پریشد کے پردھان شری روپ چند نندہ کو رہا کر کے اٹھایا۔ پرجا پریشد اور کشمیر سرکار کے درمیان تناؤ کچھ غلط فہمیوں کی وجہ سے ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ جموں یا کشمیر کا ایک بھی ہندو ایسا ہو۔ جو اپنی ریاست کا بہی خواہ نہ ہو۔ شری روپ چند نندہ نے درست لکھا۔ کہ "انہیں اپنے دیش کی خوشحالی اور امن کے لئے بطور دیش بھگت اپنا پارٹ ادا کرنے کا موقعہ دیا جائے"۔ میرا مشورہ اس سے کہ پرجا پریشد کا ہر شخص موقعہ ملنے پر اپنا فرض ایمانداری کے ساتھ بجا لائے گا۔ میرا حکومت کو مشورہ ہے۔ کہ وہ تمام گرفتار شدہ ستیہ گرہیوں کو رہا کر دے۔ اور پرجا پریشد کو چاہیئے کہ وہ اس بے موقعہ ستیہ گرہ کو بند کر دے۔ اندرونی جھگڑوں کے لئے لڑنے کا یہ وقت نہیں ہے۔ سب سے پہلے کشمیریوں کو پاکستان سے نپٹنا ہے!

لیش

جموں پرجا پریشد کے چیف مسٹر رام چند دو ماہ کی نظربندی کے بعد رہا کر دیئے گئے

اینٹی سوشل سرگرمیوں کی مذمت۔ ان سے صرف پاکستان کو ہی فائدہ ہو سکتا ہے

جموں ۲۹ اگست۔ دو ماہ کی نظربندی کے بعد آج جموں سرکار نے جموں پرجا پریشد کے انچارج مسٹر رام چند نندہ کو رہا کر دیا۔ اس امر کا انکشاف کرتے ہوئے ہوم آفیسرز کے سیکرٹری شری نندہ نے بتایا کہ انہوں نے ریاست میں اینٹی گورنمنٹ سرگرمیوں کے خلاف اظہار افسوس کیا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اینٹی سوشل عناصر کی سرگرمیوں سے اگر کسی کو فائدہ ہو سکتا ہے تو وہ پاکستان ہی ہے۔ اس لئے آپ نے ان سرگرمیوں کو جاری رکھنے والوں کی مذمت کی تھی۔

(پ۔ ٹ۔ ا)

Hindustan

جموں اور کشمیر کے مسائل

جموں اور کشمیر کے مسائل کے متعلق ایڈیٹر کی ڈاک میں کئی مراسلات موصول ہوئے ہیں۔ مراسلہ نگاروں کا زاویہ نگاہ ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ ہم انہیں اس لئے شائع کر رہے ہیں تاکہ ناظرین کو مختلف طبقوں کے نظریہ کا علم ہو۔ ضروری نہیں کہ ایڈیٹر کو کسی مراسلہ نگار کی رائے سے اتفاق ہو۔

جموں میں ایک ناخوشگوار صورت حال پیدا ہو رہی ہے جس کا رد عمل جموں سے باہر بھی ہو سکتا ہے۔ پچھلے چند برسوں سے ریاست کے مختلف منطقی خطوں کے تعلقات بگڑ رہے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ریاست کی سیاسی تحریکیں علاقائی بنیادوں پر جاری رہی ہیں۔ [illegible]

[illegible]

الحاق ہو جائے تو بھی کشمیر پر ہی اکثریت رہے گی۔ اور اگر جموں کو الگ کر دیا گیا تو اقتصادی طور پر تباہ ہو جائے گا اور اس کی تمام موجودہ اہمیت ختم ہو جائے گی۔

موجودہ الجھن کا حل یہ ہے کہ ریاست کے مختلف خطوں کے سیاسی اور باہمی تعلقات بہتر اور خوشگوار ہوں۔ سیاسی محاذ پر شیخ صاحب کو مشورہ دینا چاہیئے کہ وہ دانشمندی سے کام لیں۔ ورنہ جموں اور کشمیر کے تمام جمہوریت پسندوں کو خواہ وہ نیشنل کانفرنس میں شامل ہیں یا نہیں، ریاست کے تمام طبقوں میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کے لئے جدوجہد کرنی چاہیئے۔ آئینی میدان میں اگر تمام خطوں کو اندرونی طور پر خودمختاری دے دی جائے تو اس سے ہر ایک خطے کو اپنے کلچر کی ترقی کرنے کا موقع ملے گا۔

اور ریاست کی یکجہتی بھی بنی رہے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ جموں کے مسئلہ کا یہی واحد حل ہے اور اسی سے ریاست کے مختلف خطوں میں رہنے والوں میں دوستانہ تعلقات قائم ہو سکتے ہیں۔

(بلراج پوری پردھان فرینڈز آف نیو کشمیر۔ دہلی)

جموں کی مشکلات کا حل

مہاراجہ کے وقت میں اور آج کے دن میں کچھ فرق نہیں۔ جموں میں پہلے کی طرح چیزیں نہیں ہیں۔ آزادی ملنے کے بعد مکمل ختم کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ بے شک حکومت کی اندرونی پالیسی پر توجہ دینی چاہیئے۔

پرجا پریشد کا مطالبہ "بھارت سے مکمل الحاق" [illegible]

نقش و نگار

بعض لیڈر ہیں جو وقت کے ساتھ اپنا بیان نہیں بدلتے۔ وہ جب تک زندہ ہیں اعلان کرتے رہیں گے کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان چھ ماہ کے اندر جنگ ہو گی۔ غالباً وہ اس بنیادی اصول پر عمل کر رہے ہیں کہ کل کبھی نہیں آتا۔

TOMORROW NEVER COMES

ماسٹر تارا سنگھ کہتے ہیں کہ ہم پنجابی صوبہ چاہتے ہیں۔ [illegible] لیکن اس وقت ہم یہ مطالبہ پیش نہیں کریں گے اور نہیں دیتے کہ پاکستان کشمیر پر حملہ کرنے والا ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ کا خطرہ ہے۔ ماسٹر تارا سنگھ کا خیال ہے کہ چھ ماہ کے اندر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ شروع ہو جائے گی۔ پانچ سال ہوئے جب وطن کا بٹوارہ ہوا تھا تو ماسٹر جی نے اعلان کیا تھا کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان چھ ماہ کے اندر جنگ شروع ہو جائے گی اور اس جنگ میں پاکستان تباہ ہو جائے گا۔ [illegible]

[illegible]

مکمل الحاق کی مخالفت کیوں

مجھے یہ سمجھ نہیں آیا کہ پرجا پریشد کے مکمل الحاق کے مطالبے کی مخالفت کیوں کی جا رہی ہے۔ حیدرآباد میں نظام کی حکومت مکمل الحاق کے مطالبے کی مزاحمت کر رہی تھی۔ [illegible]

کشمیری لال معرفت کشمیر فرنٹ ایجنسی جموں توی

[illegible]

کسٹم ڈیوٹی کو اڑا دیا جائے

[illegible]

2 Page

روزانہ تیج 28 دسمبر

جموں و کشمیر کے مسائل

صفحہ ۳ سے آگے

ایجیٹیشن سے قدرتی تعلق رکھتے ہیں جابجا جہاں اتحاد اور یکجہتی کا پیغام دیا جاتا ہے ہم کیا غلط ہے جہاں تک ... اور تجارت بھی کی ... یہ ان مشکلات کا کون ذمہ دار ہوگا

دھمکی آمیز خط ... دسمبر

جب پرجا پریشد لیڈر دعوے کرتے ہیں کہ ان کی تحریک پر امن ہے تو اب ہمارے کارکنوں کو جو دھمکیاں دی جا رہی ہیں ذیل کا خط ... اخبارات کی ... کے آخر میں ... سے ظاہر ہو ... ہمارے ایک کارکن کو موصول ہوا ہے کیا آپ ... شائع کریں گے۔

... مظہر ...

خدا الشر داس

... الفاظ ... ہم ... کی ... بہت ہی غلیظ ... پراپیگنڈہ کر رہے ہو تم ہمارے دھرم ... کے جذبات ... ناتک وقت جب ... کی آزادی ... غلامی میں تبدیل کیا جا رہا ہے ... ان پڑھ دیہاتی بھی ... سمجھ رہا ہے ... ہندوستان کے ساتھ مکمل الحاق کروانے کے لئے تن من دھن کی بازی لگا رہا ہے آپ کے بڑے سے بڑے سرگرم ورکر اور گورنمنٹ کشمیر ... تحریک کی اندر پردہ حمایت کر رہے ہیں آپ کی طرف سے لغو بے بنیاد حوصلہ شکن پراپیگنڈہ غداری کرنے کے مترادف ہے اور عوام ... کے بھڑکتے ہوئے جذبات پر تیل کا کام کرتا ہے اسی لئے میں آپ کو ... وارننگ دیتا ہوں کہ برائے نوازش اس پراپیگنڈہ سے باز آئیں ... آپ ہماری تحریک کی حمایت نہیں کر سکتے تو کم از کم ... رہیں بصورت دیگر شاید آپ سے ... پیش آئیں ... جس کی ذمہ داری تمام تر آپ کے اشتعال انگیز رویہ پر ...

دی پرکاش ... 28 دسمبر

کشمیر کے گھریلو مورچہ پر

ریاست جموں و کشمیر کے جیلوں میں جگہ کم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی کوئی ایجیٹیشن شروع ہو۔ جگہ کی یہ قلت زیادہ شدت سے محسوس ہونے لگتی ہے۔ ۱۹۳۱ کے بعد کشمیر مسلم کانفرنس اور احراریوں کی سول نافرمانی کے دنوں میں مہاراجہ کی سرکار کو خاردار تاریں لگا کر قیدیوں کے لئے کھلے کیمپ بنانے پڑے تھے۔ کم و بیش یہی صورت پرجا پریشد کی ایجیٹیشن سے پیدا ہو گئی ہے۔ جیلوں میں جگہ کی کمی کی شکایت سمجھ میں آ سکتی ہے لیکن پرجا پریشد کے ذریعہ کئی ایسی خبریں آ رہی ہیں جن سے الجھن اور پریشانی پیدا ہونا قدرتی ہے۔ مثلاً یہ کہ صوبہ جموں میں راشٹرپتی ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تصویروں کی فروخت پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ ایک تحصیلدار پر بھارت کے نیتاؤں کو گالیاں دینے کا الزام لگایا گیا ہے۔ فائرنگ کی خبریں اب نہیں آتیں۔ لیکن پولیس کے تشدد کے متعلق عجیب و غریب اطلاعات آ رہی ہیں۔ چھمب میں ہجوم پر فائرنگ کی جوڈیشل تحقیقات کا حکم دیا گیا تھا۔ غالباً پرجا پریشد کو ریاستی عدالتوں پر وشواس نہیں رہا۔ اس لئے اس نے اس تحقیقات کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ دوسری طرف ہجوموں کے پتھراؤ اور تشدد کی خبریں بھی آ رہی ہیں۔ میں کہہ چکا ہوں کہ اس الجھن پیدا کرنے والی صورت حالات کو ختم کرنے کے لئے الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات نہایت ضروری ہے۔ بھارت سرکار ٹیکنیکل وجہ کی بنا پر خود یہ تحقیقات کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اور پرجا پریشد کے اس مطالبہ میں وزن کم ہے کہ تحقیقات کے لئے سپریم کورٹ کا کوئی جج ریاست میں جائے۔ ان حالات میں سیدھا راستہ یہ ہے کہ پارلیمنٹ کے ممبروں کا ایک ملا جلا ڈیلی گیشن موقعہ پر جا کر تحقیقات کرے۔ اور بیرونی دنیا کو بتلائے کہ جموں سے آنے والی متضاد خبروں میں کتنی سچائی ہے۔ اور اصل حالات کیا ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے دہلی سے ایک پارلیمنٹری وفد جموں بھیجنے کا چرچا شروع ہوا تھا لیکن اس کے بعد اس بارے میں کچھ بھی نہیں سنا گیا۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ صرف کانگرسی یا صرف اپوزیشن ممبروں کا وفد بھیجنے سے کام نہ چلے گا۔ اس کی غیر جانبدارانہ نوعیت رکھنے کے لئے وفد میں سب پارٹیوں کی نمائندگی نہایت ضروری ہے۔

میں ایک بار پھر ریاست جموں و کشمیر اور بھارت کی رائے عامہ کے لیڈروں سے پوچھتا ہوں کہ کیا شیخ عبداللہ اور پرجا پریشد کے درمیان سمجھوتے کی کوئی راہ نہیں نکال سکتے؟ پاکستان سرحدوں پر بیٹھا ہے اس کے ایجنٹ آزاد کشمیر سے واپس آنے والوں کے بھیس میں ریاست کے اندر پہنچ رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان میں نئے حملے کے چرچے بھی شروع ہیں۔ ان حالات میں کیا یہ ضروری ہے کہ یہ کھینچا تانی۔ بدمزگی اور کشمکش جاری رہے؟ نیشنل کانفرنس کے لیڈروں نے پرجا پریشد کی تحریک کو فرقہ وارانہ سنٹ ثابت کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا اور ریاست کے باہر پریشد کے کچھ ورکر بھی اسے ایک خالص ہندو تحریک ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دونوں قسم کا یہ پراپیگنڈا غلط اور خطرناک ہے۔ پرجا پریشد کی تحریک کی ظاہری شکل خواہ کچھ ہو۔ دراصل یہ ریاست کے دو صوبوں جموں اور کشمیر کے مفاد کی ٹکر ہے۔ ڈوگرہ راج کے پہلے دور میں جس طرح کشمیری یہ محسوس کرتے تھے کہ ریاست پر جموں چھا گیا ہے۔ اسی طرح آج جموں والے ــــ اور ایک حد تک لداخ نواسی بھی یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا۔ جموں کے بیوپار کی تباہی۔ لوگوں کی بے روزگاری۔ ضلعوں کی نئی تقسیم اور کئی دوسری باتوں نے جموں نواسیوں کو بے چین کر دیا ہے۔ یہ درست ہے کہ نیشنل کانفرنس جموں برانچ کے ممبر اس تحریک سے الگ ہیں۔ لیکن ان کی بھی ایک بڑی تعداد اس ناانصافی کو محسوس کرتی ہے۔ اس کا ثبوت نیشنل کانفرنس کے کارکنوں کی میٹنگ میں ملا۔ جہاں ایک اطلاع کے مطابق دو سرکردہ ورکروں نے کشمیری غلبہ کی شکایت کی جب تک کشمیر گورنمنٹ اس احساس کو عملی طور پر دور نہ کرے۔ وہ موجودہ بے چینی کو دور نہ کر سکے گی۔ میں نہیں جانتا کہ شیخ صاحب میری اس بات پر دھیان دیں گے یا نہیں۔ لیکن ان کی اپنی سیاسی زندگی کا مفاد اس میں ہے کہ جو خلیج جموں میں نیشنل کانفرنس کو دن بدن ہی اندر کھوکھلے جا رہا ہے۔ وہ اسے ختم کرنے کا کوئی اپائے کریں۔ جموں کو مطمئن کر کے وہ اپنے مخالفوں کے ہاتھ سے ایک زبردست ہتھیار چھین لیں گے۔

(پریتم ضیائی)

"Vir Bharat" 31 August

جموں پرجا پریشد کے صدر نے پریشد ایجی ٹیشن کی مذمت کی۔ اس سے پاکستان کے ہاتھ مضبوط ہو جائیں گے

جموں ۲۹ اگست۔ جموں پرجا پریشد کے صدر مسٹر روپ چند نندہ جس نے کچھ عرصہ سے جموں میں حکومت جموں و کشمیر کے خلاف ایجی ٹیشن شروع کر رکھی تھی۔ کو دو ماہ کی نظر بندی کے بعد چھوڑ دیا گیا ہے۔ حکومت کشمیر کے ہوم سیکرٹری نے اس امر کا اعلان کرتے ہوئے کہا۔ کہ مسٹر نندہ نے اپنی رہائی سے پہلے ڈپٹی پرائم منسٹر بخشی غلام محمد کو ایک خط میں لکھا۔ کہ میں ریاست کے کچھ حصوں میں پرجا پریشد کے نام پر سرکار کے خلاف سرگرمیوں پر افسوس کا اظہار کرتا ہوں۔ اور تحریر کیا۔ کہ بحیثیت ایک شہری اور صدر پرجا پریشد ان کا جھوٹے اور غلط پروپیگنڈا سے کوئی تعلق نہیں۔

شری روپ چند نندہ رہا

رہائی سے پہلے کشمیر کے ڈپٹی پرائم منسٹر کو خط

اب ہم غیر ذمہ دار پروپیگنڈا کا خاتمہ کریں گے

جو کچھ لوگ حکومت کے خلاف کر رہے ہیں۔ مجھے احساس ہے۔ کہ ان سرگرمیوں سے پاکستان کے سوا کسی کو فائدہ نہیں ہو سکتا۔ میں نے ساری صورت حالات پر غور کیا اور آخر میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں۔ کہ ہم نے غلط تجزیہ کر کے ان سرگرمیوں کو ابھرنے کا موقعہ دیا ہے۔ لیکن میں اب خاموش تماشائی بن کر نہیں رہنا چاہتا۔ بلکہ اب ایسی مہم میں شریک ہونا چاہتا ہوں۔ جو جموں کی اکثریت نے اس غیر ذمہ دار عنصر کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے لئے شروع کر رکھی ہیں۔ کیونکہ اسی میں کیا بھلا اسی میں ہے۔

ملکی مال کے تحفظ کیلئے غیر ملکی مال پر ڈیوٹی لگا دیجئے۔

VIR BHARAT

بورڈ جنگ نمبر ۔۔۔۔

جموں پرجا پریشد کا صدر رہا

مخرب شورش پسند عناصر کی سرگرمیوں کی مذمت

جموں ۲۹ اگست۔ جموں پرجا پریشد کے صدر مسٹر روپ چند نندہ نے جموں اور کشمیر کے ڈپٹی وزیر اعظم کو ایک چٹھی لکھی تھی۔ جس کی بنا پر کشمیر کی حکومت نے اسے رہا کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ ذکر کر دینا ضروری ہے۔ کہ کوئی ڈیڑھ ماہ ہوا پرجا پریشد جموں نے مسٹر نندہ کی رہنمائی میں ایک ایجی ٹیشن شروع کی تھی۔ اور مسٹر نندہ کو جموں چھوڑ دینے کے حکم کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا تھا۔ اور اس الزام میں ۱۳ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی تھی۔ سپیشل سیکرٹری منسٹری آف ہوم افیئرز نے ایک پولیس کانفرنس میں بتایا۔ کہ مسٹر نندہ نے انتہا پسند عناصر کی سرگرمیوں کی مذمت کر کے نہایت بہادری سے کام لیا ہے۔ اپنی چٹھی کے دوران میں مسٹر نندہ نے ڈپٹی وزیر اعظم سے درخواست کی۔ کہ مجھے اپنی حکومت اور ملک کے لئے ایک حب الوطن کا ثبوت دینے کا موقعہ دیا جائے۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

2nd September "Vir Bharat ~~Delhi~~" Amritsar

ایڈیٹوریل

جموں کا ستیہ آگرہ ختم

جموں میں پرجا پریشد کا ستیہ آگرہ ختم ہو گیا۔ شروع سے ہی نہ ہوتا تو بہت اچھا تھا۔ وجہ یہ کہ جو دیش دشمن کے خلاف لڑ رہا ہو۔ وہاں اس قسم کی تحریکوں سے نہ صرف کمزوری پیدا ہونا قدرتی ہے بلکہ دشمن کے ہاتھ میں بھی ایک ہتھیار آ جاتا ہے۔ پچھلے سال جب ہندوستان بھر میں راشٹریہ سنگھ خلاف قانون قرار دیا گیا اُس وقت سنگھ نے سارے دیش میں ستیہ آگرہ شروع کیا تھا مگر کشمیر کی خاص مشکلات کی وجہ سے اسے چھوڑ دیا تھا۔ لیکن دُکھ کی بات ہے کہ بعض دوسرے اپائیوں نے کچھ دوسرے مقاصد کو سامنے رکھ کر قانون توڑنا ضروری سمجھا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ انہیں سرکار سے کوئی شکایت نہ تھی۔ یا اُن کے مطالبے لازمی طور پر غلط تھے۔ ہو سکتا ہے کہ اُن کے پیچھے منطق کا وزن ہو لیکن انہوں نے اپنے مطالبے منوانے کے لئے غلط وقت کا انتخاب کیا۔ اور کون نہیں جانتا کہ یہ تحریک شروع ہونے پر جموں میں جو گرفتاریاں ہوئیں اُن کو پاکستان عبداللہ گورنمنٹ کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کے لئے استعمال کر رہا تھا۔ اور اس نے کئی بار تو یہاں تک کہہ دیا۔ کہ سکھوں نے شیخ عبداللہ کے خلاف بغاوت کر دی ہے"۔

اس ستیہ آگرہ سے ایک اور پیچیدگی یہ پیدا ہوئی کہ کشمیر سرکار نے پرجا پریشد کو راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ ہی کا دوسرا روپ مان لیا۔ اس کے ایسا سمجھنے کے کارن نہ ہوں۔ یہ بات نہیں۔ راشٹریہ سنگھ کے بعض اخبارات اس تحریک کے زبردست حامی تھے۔ اور جیسا کہ سٹیڈ ڈینٹس گڈول مشن نے بتایا۔ اس تحریک کے بعض سرگرم کارکن بھی ضلع گورداسپور کے وہ سنگھی کاریہ کرتا تھے۔ جو ریاست جموں میں چلے گئے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا۔ کہ جموں کے حکام نے سنگھ کا نام اس تحریک سے وابستہ کر دیا۔ اگرچہ راشٹریہ سنگھ کے نیتاؤں نے ایک سے زیادہ مرتبہ واضح کیا کہ پرجا پریشد کے ستیہ آگرہ سے سنگھ کا کوئی تعلق نہیں۔ نہ سنگھ نے اس تحریک کو اپنا آشیرباد دیا ہے۔ اس کے باوجود یہ غلط فہمی دور نہ ہو سکی۔ چنانچہ اس بات کا ایک نتیجہ یہ ہے۔ کہ راشٹریہ سنگھ پر ہندوستان کے دوسرے حصوں میں پابندی نہ رکھنے کے باوجود جموں میں یہ پابندی قائم ہے۔

جہاں تک پرجا پریشد کے اس مطالبے کا تعلق ہے۔ کہ صوبہ جموں کو ریاست کشمیر سے علیحدہ کر کے ہماچل پردیش میں شامل کر دیا جائے۔ یہ بحث کا موضوع بن سکتا ہے۔ کچھ دن پہلے شیر کشمیر اور اُن کے ساتھیوں نے یہ اعلان بھی کیا تھا۔ کہ اگر اقلیت ہمارے ساتھ رہنے کو تیار نہیں تو ہم زبردستی اسے اپنے ساتھ نہیں رکھیں گے لیکن اس کا فیصلہ جنگ کے بادل چھٹ جانے سے پہلے ہونا ممکن نہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ پرجا پریشد کے نیتا لالہ روپ چند نندہ نے یہ کہہ دیا ہے کہ وہ غدار نہیں ہیں۔ اور پاکستان کی کٹھ پتلی بننا نہیں چاہتے۔ اور ایک دیش بھگت کی حیثیت سے کشمیر کی خوشحالی میں اپنا حصہ ادا کرنے کو تیار ہیں۔ پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ۔ لالہ روپ چند نندہ اور اُن کے ساتھی اور جو کچھ ہوں مگر غدار نہیں۔ زیادہ سے زیادہ اُن کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اُن سے فیصلے کی غلطی ہوئی۔ اب جبکہ ستیہ آگرہ واپس لے لیا گیا ہے اور سرکار نے شری نندہ کو رہا کر دیا ہے۔ ضرورت ہے کہ اس تحریک کے دوسرے قیدی اور نظربند بھی چھوڑ دیئے جائیں۔ موجودہ سنکٹ میں کشمیر سرکار کو ہر پارٹی کے

... اختلاف ... ہماری ...

جواب طلبی سناتن دھرم ہائی سکول نے مسٹر شکتی شیام لال سے یہ جواب طلب کیا ہے کہ آپ وجہ بیان کریں کہ آپ نے دہلی میں کس کس شخص کے ساتھ ملاقات کی تھی۔ اور اُن کے ساتھ وہاں کیا بات چیت ہوئی۔ آپ نے ملاقات کر کے جو بات چیت کی تھی۔ اُن سب باتوں کا مفصل تحریری جواب دو۔ پریذیڈنٹ نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ کے خاوند مسٹر شیام لال ہیڈ ماسٹر سناتن دھرم ہائی سکول کی پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن میں حصہ لینے پر گرفتاری پر آپ کو ہدایت کی گئی تھی کہ موجودہ اندولن میں کوئی حصہ نہ لیں۔ لیکن آپ نے اس امر کی ...

Milap.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

5th
Sept

Milap.

پرجا پریشد کا ستیہ گرہ

شری رپ چند [illegible] پردھان صوبہ جموں پرجا پریشد کی رہائی کے ساتھ ہی یہ خبر بھی آئی تھی کہ پرجا پریشد نے ستیہ گرہ واپس لے لیا ہے۔ اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے میں نے اطمینان کا اظہار بھی کیا تھا۔ لیکن اب شری رپ چند کا ایک تار موصول ہوا ہے کہ انہوں نے ستیہ گرہ واپس نہیں لیا۔ جنرل سیکرٹری کا ایک بیان بھی اخبارات میں چھپا ہے کہ ستیہ آگرہ واپس لینے کا اختیار اکیلے پریذیڈنٹ کو نہیں۔ بلکہ ورکنگ کمیٹی کو ہے۔ جموں کے لوگوں کو جو شکایات ہیں۔ ان سے میں ناواقف نہیں۔ لیکن مصلحت کا تقاضا یہ ہے کہ موجودہ وقت میں کوئی اندولن ایسا نہ کیا جائے جس سے حکومت کا دھیان دیگر ضروری مسائل سے ہٹ کر ادھر لگے۔ مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ پرجا پریشد والے اس نظریہ کو تسلیم کرتے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ اس آڑے وقت میں حکومت کی پریشانیوں میں اضافہ کیا جائے۔ میرا مشورہ اس ہے کہ اگر حکومت مفید سے موافق حالات پیدا کرے۔ انسان لوگوں کو اپنے اعتماد میں لینے کی کوشش کرے۔ تو یہ جھگڑا نپٹ سکتا ہے۔ جہاں عوام کا یہ فرض ہے کہ وہ حکومت کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعاون کریں۔ وہاں حکومت کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ ان کے لئے موافق حالات پیدا کرے۔ تمام ستیہ گرہیوں کو رہا کر دے۔ اور انہیں موقعہ دے کہ وہ دیش کی کوئی خدمت کر سکیں۔ اگر یہ بات درست ہے کہ حکومت کو مرعوب نہیں کیا جا سکتا تو یہ بھی درست ہے کہ تشدد سے کسی کو کچلا نہیں جا سکتا۔ پیار اور محبت سے حکومت ہے اور پیار اور محبت سے ہی ایک دوسرے کو جیتا جا سکتا ہے۔

[illegible]

5.9.49

VIR BHARAT

صدر کا اعلان

پرجا پریشد جموں کی تحریک

واپس نہیں لی گئی

جموں ۳ ستمبر۔ شری روپ چند صدر پرجا پریشد جموں نے اطلاع دی ہے کہ دہلی کے ایک اخبار کی یہ خبر بے بنیاد ہے کہ پرجا پریشد کی تحریک واپس لے لی گئی ہے۔ ایسا کوئی فیصلہ ابھی تک نہیں کیا گیا۔ اس سے پیشتر پرجا پریشد کے سیکرٹری شری [illegible] نے یہ اعلان کر دیا تھا کہ تحریک واپس نہیں لی گئی۔

Milap

ملاپ کے خاص

کاک شاہی کے دنوں میں طلباء پر

ستیہ آگرہ

جموں۔ ۳ ستمبر۔ لالہ جگدیش دت ساہنی ٹھاکر جگدیش سنگھ، شری وید متر اور شری دیوراج جی نے پورانی منڈی چوک سے ستیہ آگرہ کیا۔ جلوس وہاں سے شروع ہو کر چوگان فتو۔ بازار بھابڑیاں سے ہوتا ہوا چوک چبوترا پہنچا۔ جہاں کہ ان اشخاص کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ لالہ جگدیش دت اور مسٹر وید متر کے پچھلے تین ماہ سے وارنٹ گرفتاری تھے۔ لیکن پولیس ان کو اس عرصہ میں پکڑ نہیں سکی اور کل انہوں نے خود ہی ستیہ گرہ کر کے اپنے آپ کو گرفتاری کیلئے پیش کیا۔

سانبہ میں

آج یہاں ٹھاکر جگ بیر سنگھ اور شری پریم ناتھ نے ستیہ آگرہ کیا۔ دونوں اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا۔ ٹھاکر صاحب نے اپنی تقریر میں پبلک کو بتایا کہ انہیں مجبوراً اس تحریک کو شروع کرنا پڑا تھا۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

4th Sept

VIR BHARAT.

Milap.

قائمقام پریزیڈنٹ جموں کشمیر پرجا پریشد گرفتار کر لیے گئے

جموں ۔ یکم ستمبر ۔ کل ۳۱ اگست کو ہیرا نگر کی پولیس نے پنڈت رودر سین صاحب شرما قائمقام پریزیڈنٹ آل جموں و کشمیر پرجا پریشد کو ان کے گاؤں کوٹہ تحصیل کٹھوعہ سے گرفتار کیا ہے۔ یہ گرفتاری سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۳ کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔ آپ صوبہ جموں کی ایک نامور ہستی ہیں۔ آپ کے سیکرٹری پنڈت ادم پرکاش جی بھی دفعہ ۳ کے ماتحت نظر بند ہیں۔ ویر بھارت دہلی کا [illegible]

Milap 4 August.

پرجا پریشد کا ستیہ گرہ جاری ہے

جنرل سیکرٹری شری درگا داس کا بیان

جموں ۔ ۲ ستمبر ۔ پرجا پریشد کے جنرل سیکرٹری شری درگا داس نے ایک بیان جاری کیا ہے۔ جس میں اس خبر کو قطعی طور پر بے بنیاد قرار دیا گیا ہے۔ کہ پرجا پریشد نے ستیہ گرہ واپس لے لیا ہے۔ اور کہا گیا ہے۔ کہ پرجا پریشد کے پردھان شری ردیپ چند نندہ نے اپنی رہائی کے بعد تحریک بند کرنے کی کوئی اپیل نہیں کی۔ ورکنگ کمیٹی کے ممبر ابھی تک جیل میں ہیں۔ ان سے مشورہ کرنے کے بغیر شری نندہ اس قسم کی اپیل جاری کرنے کے مجاز بھی نہیں۔ شری نندہ ستیہ گرہ بند کرنے کی اس خبر کی تردید کر چکے ہیں۔ اور اخبارات وغیرہ کو بذریعہ تار اس سلسلہ میں مطلع بھی کر چکے ہیں۔ پرجا پریشد کے جنرل سیکرٹری نے آخر میں واضح کیا ہے۔ کہ ستیہ گرہ جاری ہے۔ اور جب تک کشمیر سرکار پرجا پریشد کے مطالبات کو منظور نہیں کر لیتی جاری رہے گا۔

شری نندہ کی طرف سے بھی اس سلسلہ میں "ملاپ" کو تار موصول ہوا ہے۔

Hind Samachar

کشمیر سرکار کے انفارمیشن آفیسر کا بیان

جموں کانگرس کمیٹی اور پرجا پریشد تخریب پسند جماعتیں ہیں

ملک کی تقسیم کا مطالبہ کرنے پر گرفتاریاں کی گئی ہیں

نئی دہلی ۔ ۲ ستمبر ۔ انفارمیشن آفیسر جموں نے ایک بیان جاری کیا ہے۔ جس میں لکھا گیا ہے کہ پرجا پریشد کو عوام کی مطلق حمایت حاصل نہیں۔ اور جموں کانگرس ایک نام نہاد جماعت ہے۔ در حقیقت سنگھیوں نے ریاست میں فرقہ داری کی لہر چلانے کی کوشش کی تھی۔ جسے حکومت نے دبانے کے لئے متعلقین کو گرفتار کر لیا۔ اور معافی مانگنے پر ان میں سے بیشتر رہا کر دیئے گئے ہیں۔ [illegible] نے مزید لکھا ہے کہ جموں و کشمیر میں جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور دہلی ڈوگرہ اور کشمیری کا کوئی سوال نہیں۔ مزید کہا گیا ہے۔ ریاست کی کانگرس اور پرجا پریشد ملک کی تقسیم [illegible]

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

PARBHAT

جموں میں پرجا پریشد کے قیدی
جیل میں بھوک ہڑتال کر دی

جموں ۔ ۲ ستمبر معلوم ہوا ہے ۔ کہ پرجا پریشد کے ستیاگرہیوں نے جیل میں بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے ۔ ان کو شکایت ہے ۔ کہ ان کے ساتھ نہایت ہی انتہائی نامناسب سلوک کیا جا رہا ہے ۔ (نامہ نگار)

جموں پرجا پریشد کا ستیہ آگرہ بند نہیں ہوا
مطالبات منظور ہونے تک تحریک جاری رہیگی پریشد کے سیکرٹری

جموں ۔ ۲ ستمبر پرجا پریشد کے جنرل سیکرٹری شری درگا داس جی ایک بیان کے دوران کہتے ہیں ۔ کہ مورخہ ۳۱ اگست کے اخبارات میں جموں کشمیر پرجا پریشد کی خبر بے بنیاد ہے ۔ اپنی نمائندہ پریس ٹرسٹ پرجا پریشد نے تحریک واپس لینے کی درخواست اپیل جاری کی ہے ۔ اور ورکنگ کمیٹی کے بیشتر ممبران ابھی جیل میں ہیں ۔ صلاح مشورہ کے بعد اگر سکتے ہیں ۔ پریشد نے اس بے بنیاد خبر کی تردید بھی کی ہے ۔ اور بذریعہ نامہ پریس متعلقہ حلقوں کو بھی مطلع کر دیا ہے ۔ اس لئے بطور جنرل سیکرٹری میں واضح کر دینا چاہتا ہوں ۔ کہ تحریک باقاعدہ چل رہی ہے ۔ جب تک حکومت پرجا پریشد کے مطالبات کو منظور نہیں کر لیتی ۔ تحریک جاری رہے گی ۔ (ا ۔ ص ۔ ب)

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

3rd Sept

VIR BHARAT

3.9.49

پرجا پریشد جموں نے اپنی تحریک واپس نہیں لی

صرف ورکنگ کمیٹی ہی اس کا فیصلہ کر سکتی ہے جنرل سیکرٹری کا بیان

جموں یکم ستمبر۔ شری درگا داس جنرل سیکرٹری پرجا پریشد جموں نے مندرجہ ذیل بیان جاری کیا ہے۔ مورخہ ۳۰ اگست کے اخبارات میں جموں کشمیر پرجا پریشد کی تحریک واپس لے لینے کی خبر بالکل بے بنیاد اور غلط شائع ہوئی ہے۔ اپنی رہائی پر شری اوپ چند جی نندہ پریذیڈنٹ پرجا پریشد نے تحریک واپس لے لینے کی نہ تو کوئی اپیل جاری کی ہے۔ اور نہ ہی وہ بغیر اپنی ورکنگ کمیٹی کے جس کے بیشتر ممبر جیل میں بند ہیں صلاح مشورہ کے ایسا کرنے کے مجاز ہیں چنانچہ انہوں نے اس بے بنیاد خبر کی تردید بھی کر دی ہے۔ اور بذریعہ تار پریس متعلقہ حلقوں کو بھی مطلع کر دیا ہے۔ اس لئے ابطور جنرل سیکرٹری پرجا پریشد میں واضح کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ تحریک باقاعدہ چل رہی ہے اور جب تک حکومت پرجا پریشد کے مطالبات منظور نہیں کرتی تحریک جاری رہے گی۔

Milap

ممبران پارلیمنٹ کشمیر کو

ہند پارلیمنٹ کے جو ممبر بندوقوں سے جموں و کشمیر کے صحیح حالات معلوم کرنے جموں کے ڈاک بنگلہ میں تشریف فرما تھے۔ وہ تمام آج بذریعہ ہوائی جہاز سری نگر چلے گئے ہیں۔ امید ہے کہ وہاں پنڈت پریم ناتھ ... لیڈروں سے بھی ملاقات کریں گے۔

Jai Hind.

جموں کی پرجا پریشد تحریک ختم

صرف ۶۷ "ستیہ گرہی" جیلوں میں ہیں

نئی دہلی۔ یکم ستمبر۔ جموں و کشمیر سرکار نے پرجا پریشد تحریک کے سلسلہ میں گرفتار شدگان کی تعداد کے متعلق ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اس وقت صرف ۶۷ اشخاص جیل میں ہیں۔ اور ایک شخص کو خارج کر دیا گیا ہے۔ اعلان میں بتایا گیا ہے۔ کہ پرجا پریشد تحریک میں کل گرفتاریاں ۲۲۸ ہوئی تھیں۔ اور ان میں سے ۱۶۰ نے معافی مانگ کر رہائی حاصل کی۔ (پی ٹی)

Jai Hind.

پرجا پریشد کے صدر کیطرف سے عبداللہ گورنمنٹ کیخلاف گمراہ کن پراپیگنڈہ کی مذمت

عبداللہ گورنمنٹ کیخلاف پراپیگنڈہ کرنیوالے لوگ پاکستان کے ہاتھ مضبوط کر رہے ہیں

جموں ۱۰ اگست ۔ جموں و کشمیر گورنمنٹ کے ... داخلہ کے سیکرٹری مسٹر انیس کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران میں بتایا کہ جب پرجا پریشد کے صدر شری روپ چند نندہ نے کس طرح ریاست میں گڑبڑ کرنیوالے انتہائی شورش پسند عناصر کی مذمت کی تھی۔ آپ نے بتایا کہ ان کی رہائی سے کچھ روز پہلے جب ستیہ گرہی جیل میں نندہ صاحب کو سارے حالات بتائے تو انہیں یہ سنکر بڑی حیرانی ہوئی کہ اینٹی سوشل عناصر کس طرح ان کے نام کا فائدہ اٹھا کر ریاست کیخلاف سرگرمیاں ... طرح ستیہ گرہ کے دشمنوں سے ... آپ نے ریاست کیخلاف گمراہ کن ...

Jai Hind.

[illegible]

Hind Samachar.

کشمیر سرکار اور پرجا پریشد میں سمجھوتہ ستیہ گرہ واپس لئے جانے کا فوری امکان

نیشنل کانفرنس اور پرجا پریشد باہم مل کر پاکستان کا مقابلہ کریں گی

پریشد کا ایک نمائندہ ریاستی وزارت میں لیا جائے گا

ستیہ گرہی قیدیوں کو عنقریب رہا کئے جانے کی توقع

سرینگر ۲۷ اگست ۔ معلوم ہوا ہے کہ نیشنل کانفرنس اور پرجا پریشد کے درمیان سمجھوتہ کی فضا پیدا ہو گئی ہے ۔ یقین کیا جاتا ہے کہ شری روپ چند نندہ پردھان پرجا پریشد چند روز کے اندر ستیہ گرہ بند کر دیں گے ۔ اور حکومت کو اپنی جماعت کی سے ایک بار پھر غیر مشروط تعاون کی پیشکش کریں گے جن کی بنا پر تمام سیاسی قیدیوں کو جن میں کئی ایک ممبران اسمبلی اور ایڈیٹر بھی شامل ہیں رہا کر دیا جائے گا ۔ پرجا پریشد کے لیڈر پنڈت پریم ناتھ جی ڈوگرہ کو وزارت میں لیا جائے گا ۔ معلوم ہوا ہے کہ نظام حکومت میں مزید کئی تبدیلیوں کا امکان بھی ہے ۔ یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ کشمیر سے جو جیل وارڈر اور پولیس کے سپاہی جموں لائے گئے تھے وہ بھی واپس کر دئے جائیں گے اور دونو جماعتیں باہم مل کر پاکستان کی ان تیاریوں کا جواب دینے کی کوشش کریں گی جو اس کی طرف سے جموں و کشمیر پر قبضہ کرنے کے متعلق کی جا رہی ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ جیل میں لالہ روپ چند نندہ سے ایک ذمہ دار افسر نے بات چیت کی تھی جس کے نتیجہ کے طور پر پرجا پریشد اور نیشنل کانفرنس میں سمجھوتہ کی کامیاب صورت نکل آئی ہے ۔ اور اس تعلق میں بہت جلد خوشگوار نتائج کی توقع کی جاتی ہے ۔ اس خبر کی تردید کی جا رہی ہے کہ ان متوقع تبدیلیوں کا ہندوستان کی مرکزی حکومت کی ہدایات کے ساتھ تعلق ہے ۔

Vir Bharat

[illegible]

Milap.

پرجا پریشد تحریک واپس لے لی گئی

رہائی کے بعد پردھان شری نندہ کا اعلان

سرینگر ۲۹ اگست ۔ جموں پرجا پریشد کے پردھان شری روپ چند نندہ نے جنہیں سنیچر وار کو جیل سے رہا کیا گیا تھا کشمیر سرکار کے خلاف پرجا پریشد کی تحریک واپس لینے کا اعلان کر دیا گیا ... ستیہ گرہ کے سلسلہ میں ابھی تک جیل میں ... کے ختم ہوتے ہی رہا کر دیئے جائیں گے ... ۲۱ دلیپیاں بھی گرفتار ہوئی تھیں جو کہ پہلے ہی رہا کی جا چکی ہیں ۔ (خاص نامہ نگار)

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

6th Sept

VIR BHARAT

ویر بھارت ۶ ستمبر ۶۹

(شری مولی چند شرما کا بیان)

دہلی

پرجا پریشد اپنی تحریک واپس لینے کو تیار ہو گیا

ایجی ٹیشن جاری رکھنا خطرناک ہے، رہائیاں شروع ہو گئیں

جموں ۴ ستمبر۔ شری مولی چند شرما ممبر آئین ساز اسمبلی نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ میں اور میرے ساتھی ممبران اسمبلی مسٹر کھنڈ کر اور مسٹر بھٹناگر نے ریاست بھر کا دورہ کیا۔ ہم سرینگر بھی گئے۔ ہم نے شیخ عبداللہ۔ بخشی غلام محمد اور دیگر افسران اور مختلف پارٹیوں کے نمائندوں سے بات چیت کی جاری کردہ ایجی ٹیشن کی اچھائی یا برائی کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتے۔ لیکن یہ واضح ہے۔ کہ اس قسم کی کوئی بھی ایجی ٹیشن ریاست کے مفاد کے سراسر منافی ہے۔ ریاست ابھی میدان جنگ ہے۔ اس کے لئے اندرونی محاذ کو مضبوط رکھنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے پرجا پریشد کو تحریک ختم کرنی چاہیئے۔ جہاں تک ہمارا خیال ہے۔ حکومت کوئی انتقامی کارروائی نہیں کرنا چاہتی۔ اس نے گرفتار شدگان کو رہا کرنا شروع کر دیا ہے ہمیں خوشی ہے کہ پرجا پریشد تحریک واپس لینے کو تیار ہے۔ اس بارے میں وہ علیحدہ اعلان جاری کرے گا۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

7th Sept

Milap

Hind Samachar

جموں پرجا پریشد کا رہا شدہ صدر نیشنل کانفرنس میں شامل ہوجائیگا

جموں ۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ جموں پرجا پریشد کے رہا شدہ صدر لالہ روپ چند نندہ نے نیشنل کانفرنس میں شامل ہونے کی پیشکش کی ہے۔ آپ نے حکومت کو اپنی چٹھی میں لکھا تھا کہ مجھے ملک کی خدمت کا موقعہ دیا جائے جس پر انہیں نیشنل کانفرنس میں شامل ہونے کا مشورہ دیا گیا جسے آپ نے منظور کر لیا ہے۔ آپ نیشنل کانفرنس کے ایک سادھارن ممبر کے طور پر کام کرینگے۔

کی اجازت دینے سے انکار کردیا گیا

پنڈت مولی چندرجی کا مشورہ

جموں ۵ ستمبر۔ مولی چند شرما پردھان پرجا پریشد کے دو ممبروں شری کھانڈیکر اور شری کھنگر کے ساتھ جموں گئے تھے سارے حالات کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے پرجا پریشد کو ستیہ آگرہ بند کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ ایک پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ ستیہ آگرہ اندرون صحیح ہو یا غلط اس وقت ریاست اور عوام کے مفاد کا تقاضا ہے کہ ستیہ آگرہ فوراً بند کر دیا جائے۔

شرما جی نے یہ بھی کہا کہ اس وقت کشمیر کا گھریلو مورچہ زیادہ مضبوط ہونا چاہیئے پنڈت مولی چندرجی کے مشورہ سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ پرجا پریشد کے کارکن بھی گھریلو مورچے کی مضبوطی کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اس لئے توقع کرنی چاہیئے کہ پرجا پریشد اب ستیہ آگرہ بند کر دے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ پریشد نے اپنا فرض پورا کر دیا۔ متوقع ہے حکومت سے یہ امید کرنا بالکل واجب نہیں کہ وہ بدلے کی بھاونا سے کام کرے گی اور نہ صرف تمام ستیہ آگرہیوں کو غیر مشروط طور پر رہا کر دے گی۔ بلکہ ایسی فضا پیدا کرے گی کہ ستیہ آگرہ کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑے

MILAP 7.9.

جموں میں ستیہ آگرہیوں کا جلوس چار اشخاص گرفتار

—: ملاپ کے خاص نامہ نگار سے :—

کاک شاہی کے دنوں میں طلباء پر کئے گئے جرمانے واپس کرنیکا فیصلہ

ستیہ آگرہ

جموں ۳۰ ستمبر۔ لالہ جگدیش دت ساہنی ٹھاکر مگھر سنگھ، شری وید متر اور شری دیوراج جی نے پرانی منڈی چوک سے ستیہ آگرہ کیا۔ جلوس وہاں سے شروع ہو کر چوگان فتو، بازار بھا پڑیاں سے ہوتا ہوا چوک چبوترا پہنچا۔ جہاں ان اشخاص کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ لالہ جگدیش دت اور مسٹر وید متر کے پچھلے تین ماہ سے وارنٹ گرفتاری تھے۔ لیکن پولیس ان کو اس عرصہ میں پکڑ نہیں سکی اور کل انہوں نے خود ہی ستیہ گرہ کر کے اپنے آپ کو گرفتاری کیلئے پیش کیا۔

سانبہ میں

آج یہاں ٹھاکر جگ بیر سنگھ اور شری پریم ناتھ نے ستیہ آگرہ کیا۔ دونوں اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا۔ ٹھاکر صاحب نے اپنی تقریر میں پبلک کو بتایا کہ انہیں مجبوراً اس تحریک کو شروع کرنا پڑا تھا۔

جموں (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ مسکھ دھرم ارتھ [illegible]

[illegible] وائی کی جائیگی

[illegible] کر دیا گیا ہے

[illegible] کی طرف سے لالہ روپ چند [illegible] کو جنرل سیکرٹری کی طرف سے [illegible] منسٹر صاحب کو لکھا ہے اس میں سے امور جواب طلب ہیں (۱) آپ کو کوئی [illegible] جس کے بارے میں آپ نے اپنے ساتھیوں سے صلاح و مشورہ نہ کیا ہو اور جس کا موجودہ تحریک پر اثر نہ پڑے نہیں؟ (۲) آپ کے خط میں کئی مشکوک باتیں ہیں جن سے قدرتی طور پر چند غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں کیا ان حالات میں کیا آپ کیلئے یہ ضروری نہیں کہ آپ ایک وضاحتی بیان دیکر اپنی پوزیشن صاف کریں مزید یہ چلتے کہ اگر لالہ صاحب کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکے تو ان پر ڈسپلن کی [illegible]

[illegible]

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

2th Sept.

VIR BHARAT

پرجا پریشد جموں کی تحریک
واپس نہیں لی گئی

جموں ۵ ستمبر۔ [illegible]

پرجا پریشد جموں نے اعلان کیا ہے کہ دہلی کے ایک اخبار کی یہ خبر بے بنیاد ہے کہ پرجا پریشد کی تحریک واپس لے لی گئی ہے۔ اس سے پیشتر پرجا پریشد کے سیکرٹری شری [illegible] نے اس سے یہ اعلان کیا تھا کہ تحریک واپس نہیں لی گئی۔

News In Brief

U.P. Govt. To Use Fish To Fight Malaria

LUCKNOW, Aug 29—The U. P. Government are to use fish to fight their battle against malaria, it was learnt here today.

* * * *

The Fisheries Department of the Government is planning to fill mosquito-breeding tanks and ponds in the provinces with varieties of fish which feed voraciously on the eggs of mosquitoes.

* * * *

Section 144 Cr. P. C. has been promulgated in the villages of Haldi Barulia and in several other neighbouring villages in Kandi (Murshidabad) following an incident a few days ago, in which about 300 to 400 armed men raided a house in Haldi, after an alleged altercation between the house-owner's son and a Communist young man.

* * * *

Compulsory primary education will shortly be introduced in Saurashtra, it is reliably learnt.

* * * *

A Press note issued on Saturday night on the conclusion of the two-day conference of the Chief Secretaries of East and West Bengal said that the meeting which opened on August 26, considered "all items adjourned on the last Calcutta session. A number of agreed decisions were taken.

CABLES IN BRIEF

Flood waters were receding on Monday at Kempsey, New South Wales, where at least five people died last week-end in 25 feet of racing water from the swollen McLeay River.

* * * *

Japanese police were on Sunday investigating the blasting by dynamite on Saturday night of a concrete causeway leading to the intake of a hydro-electric generating plant in the northern prefecture of Fukushima.

* * * *

Two Japanese steel firms here contracted to deliver nearly 4,000 tons of bar steel to an Australian firm this year, according to Tokyo's economic newspaper "Nihon Keizai Shimbun' on Sunday.

HOUSEHOLD EMPLOYEES OF BARODA RULER

Equal Treatment With

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

8th Sept

Parbhat

(ہمارے خاص نامہ نگار سے)

نیشنل کانفرنس کشمیر اور پرجا پریشد میں سمجھوتہ کا فارمولا تیار ہو گیا

ڈاکٹر پٹا بھائی سیتا رامیہ کو ثالث بنایا جائے گا

جالندھر ۶ ستمبر۔ سری چندر موہلی شرما، مسٹر ہارڈیکر اور دکھائیکر ممبران متحدہ پارلیمنٹ پر مشتمل جو پارلیمنٹری ڈیلیگیشن ریاستی حالات کی دیکھ بھال کے لئے جموں و کشمیر آیا ہوا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس نے نیشنل کانفرنس اور پرجا پریشد میں سمجھوتہ کا فارمولا تیار کر لیا ہے اور شیخ محمد عبداللہ وزیر کشمیر کی دہلی سے واپسی پر اس سلسلہ میں بات چیت ہوگی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ راشٹرپتی ڈاکٹر پٹا بھائی سیتارامیہ دیگر متنازعہ امور کے فیصلے کے لئے ثالث بنائے جائیں گے۔ پرجا پریشد کی طرف سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ آئین ساز اسمبلی میں جموں کا نمائندہ پرجا پریشد کے مشورہ سے لیا جائے۔ نیز ریاستی وزارت میں ایک ڈوگرہ نمائندے لئے جائیں جو عوام میں مقبول ہوں۔ کشمیریوں اور ڈوگروں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ پرجا پریشد نے سری چندر موہلی شرما کو یہ اختیار دیدیا ہے کہ وہ جس مرحلہ پر چاہیں جموں میں پرجا پریشد کا ستیہ گرہ بند کرنے کی ہدایات جاری کر سکتے ہیں۔ (ن)

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri